رہنمائے اساتذۂ کرام

# اُردُو سے دوستی

ناظمہ رحمٰن



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، یونیورسٹی آف اوکسفرڈ کا ایک شعبہ ہے۔
یہ دنیا بھر میں بذریعۂ اشاعت تحقیق، علم وفضیلت اور تعلیم میں اعلیٰ معیار کے مقاصد کے فروغ میں
یونیورسٹی کی معاونت کرتا ہے۔ Oxford برطانیہ اور چند دیگر ممالک میں
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کا رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے

پاکستان میں اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
نمبر ۳۸، سیکٹر ۱۵، کورنگی انڈسٹریل ایریا،
پی۔او بکس ۸۲۱۴، کراچی۔ ۷۴۹۰۰، پاکستان
نے شائع کی

© اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس ۲۰۲۴ء

مصنّف کے اخلاقی حقوق پر زور دیا گیا ہے

پہلی اشاعت ۲۰۲۴ء

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی پیشگی تحریری اجازت، جس طرح واضح طور پر قانون اجازت دیتا ہے، لائسنس یا ادارہ برائے ریپروگرافکس حقوق کے ساتھ طے ہونے والی مناسب شرائط کے بغیر اس کتاب کے کسی حصّے کی نقل، کسی قسم کی ذخیرہ کاری جہاں سے اسے دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہو، کسی بھی شکل میں ٹیکسٹ اور ڈیٹا مائننگ یا مصنوعی ذہانت کی ٹریننگ کے لیے استعمال یا ترسیل نہیں کی جا سکتی۔ مندرجہ بالا صورتوں کے علاوہ دوبارہ اشاعت کے واسطے معلومات حاصل کرنے کے لیے اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کے شعبۂ حقوقِ اشاعت سے مندرجہ بالا پتے پر رجوع کریں

آپ اس کتاب کی تقسیم کسی دوسری شکل میں نہیں کریں گے
اور کسی دوسرے حاصل کرنے والے پر بھی لازماً یہی شرط عائد کریں گے

ISBN 9789697349555

نوری نستعلیق فونٹ میں کمپوز ہوئی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

# تعارف

محترم اساتذۂ کرام!

ہماری قومی زبان اُردُو ایک اہم زبان ہے جس میں اخلاق، ادب و آداب جیسی قیمتی اقدار پوشیدہ ہیں۔ اس کی اہمیت آج کل کم ہوتی جارہی ہے ماحول اور کلچر انگریزی زدہ ہورہے ہیں۔ اُردُو کی بوسیدہ کتابوں کو ختم کر کے نئے تقاضوں کے مطابق اُردُو کی کتابوں کی ضرورت تھی تا کہ بچّوں کے لیے اُردُو کا پڑھنا دل چسپ بنایا جاسکے۔ اس ضرورت اور تقاضے کو بھرپور انداز سے اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی مدد سے ''اُردُو سے دوستی'' کی شکل میں پورا کردیا گیا۔ میں نے دن رات کی محنت سے یہ کتابیں اس طرح مرتّب کیں کہ یہ بچّوں کو اُردُو پڑھنے پر مائل کریں۔

اب رہا یہ سوال کہ اس نئے طرز پر اُردُو پڑھانے کے لیے جدید طریقہ ہائے تدریس کے مطابق تربیت یافتہ اساتذہ کہاں سے لائے جائیں تو یہ تقاضا بھی ٹیچرز گائیڈ یا رہنمائے اساتذہ مرتّب کر کے پورا کردیا گیا ہے۔ ان رہنمائے اساتذۂ کرام میں اسباق کی آمادگی سے لے کر بلند خوانی کے طریقۂ کار، سرگرمیاں کرنے کی سفارشات اور طریقۂ تدریس پیش کیے گئے ہیں۔

یہ رہنما کُتب اساتذہ کی رہ نمائی کے لیےلکھی گئی ہیں تا کہ اساتذۂ کرام ہر سبق کو اس طرح پڑھائیں اور دورانِ تدریس ایسی سرگرمیاں اور طریقے اختیار کریں کہ بچّے شوق سے اُردُو پڑھیں، کام کی باتیں سیکھیں، اچّھے انسان اور اچّھے شہری بن سکیں۔ اُردُو سے دوستی کے سلسلے کی ہر کتاب کے اسباق کو دل چسپ بنایا گیا ہے تا کہ بچّوں کو اُردُو سیکھنے کی طرف مائل کیا جائے۔ شرط یہ ہے کہ اساتذۂ کرام ہر سبق کو دی ہوئی ہدایات کے مطابق لے کر چلیں۔ ہر ہر قدم پر سبق میں بچّے کی شمولیت اور دل چسپی قائم رہے۔ یہ انداز اُردُو زبان کی تدریس، بچّے اور اساتذہ میں سے ہر ایک کو کامیابی کی طرف گامزن کرے گا۔

از ناظمہ رحمٰن

# فہرست


| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | معاون علامات | ۱ |
| ۲ | پنسل پھیریے اور رنگ بھریے | ۱ |
| ۳ | پنسل پھیریے اور رنگ بھریے | ۲ |
| ۴ | رنگ بھریے | ۳ |
| ۵ | پنسل پھیریے | ۴ |
| ۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ا'' | ۵ |
| ۷ | پڑھیے اور پنسل پھیریے | ۶ |
| ۸ | آوازیں (نظم) | ۷ |
| ۹ | پنسل پھیریے اور رنگ بھریے | ۸ |
| ۱۰ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ب'' | ۹ |
| ۱۱ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''پ'' | ۱۰ |
| ۱۲ | پھَل | ۱۱ |
| ۱۳ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ت'' | ۱۲ |
| ۱۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ٹ'' | ۱۳ |
| ۱۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ث'' | ۱۴ |
| ۱۶ | راستہ تلاش کیجیے | ۱۶ |
| ۱۷ | درست تصویر سے حَرف ملایئے (جانچ) | ۱۶ |
| ۱۸ | پنسل پھیریے | ۱۷ |
| ۱۹ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ج'' | ۱۸ |
| ۲۰ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''چ'' | ۲۰ |
| ۲۱ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ح'' | ۲۱ |

| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۲ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''خ'' | ۲۲ |
| ۲۳ | پیاری تتلی (نظم) | ۲۴ |
| ۲۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے '' د'' | ۲۵ |
| ۲۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے '' ڈ'' | ۲۶ |
| ۲۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ذ'' | ۲۷ |
| ۲۷ | تصویری کہانی (مرغی اور چوزے) | ۲۹ |
| ۲۸ | تصویر کی جگہ آنے والا حَرف بتایئے (جانچ) | ۳۰ |
| ۲۹ | پڑھیے پنسل پھیریے '' ر'' | ۳۰ |
| ۳۰ | پڑھیے پنسل پھیریے '' ڑ'' | ۳۲ |
| ۳۱ | پڑھیے پنسل پھیریے '' ز'' | ۳۳ |
| ۳۲ | پڑھیے پنسل پھیریے '' ژ'' | ۳۴ |
| ۳۳ | جانچ ''د ڈ ذ ر ڑ ز ژ'' | ۳۵ |
| ۳۴ | اُف رے سردی! (نظم) | ۳۶ |
| ۳۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے '' س'' | ۳۷ |
| ۳۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے '' ش'' | ۳۸ |
| ۳۷ | پنسل پھیریے اور رنگ بھریے | ۳۹ |
| ۳۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ص'' | ۴۰ |
| ۳۹ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ض'' | ۴۱ |
| ۴۰ | سبزیاں | ۴۲ |
| ۴۱ | دُرست تصویر سے حَرف ملایئے (جانچ) | ۴۳ |
| ۴۲ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ط'' | ۴۴ |
| ۴۳ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ظ'' | ۴۵ |
| ۴۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ع'' | ۴۶ |
| ۴۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''غ'' | ۴۸ |

| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۶ | نقطے لگائیے (جانچ) | ۴۹ |
| ۴۷ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ف“ | ۵۰ |
| ۴۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ق“ | ۵۱ |
| ۴۹ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ک“ | ۵۲ |
| ۵۰ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”گ“ | ۵۳ |
| ۵۱ | اچھے بچّے (نظم) | ۵۴ |
| ۵۲ | رنگ بھریے | ۵۵ |
| ۵۳ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ل“ | ۵۶ |
| ۵۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”م“ | ۵۷ |
| ۵۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ں“ | ۵۸ |
| ۵۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”و“ | ۵۹ |
| ۵۷ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ہ“ | ۶۰ |
| ۵۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ء ی ے“ | ۶۱ |
| ۵۹ | گنتی ۱-۵ | ۶۲ |
| ۶۰ | ایک دو تین (نظم) | ۶۳ |
| ۶۱ | حُروفِ تہجّی | ۶۴ |

# معاون علامات

## مقصد

- کسی کتاب کے خدوخال کی شناخت کرسکیں۔ (سرورق، پس ورق، عنوان)

## تعارف

یہ تعارفی صفحہ ہے اساتذہ کے لیے تصاویر کے ذریعے ہدایات دی گئی ہیں اساتذہ ان کو غور سے سمجھیں اور مناسب جگہوں پر استعمال کریں۔سرورق اور پس ورق بنی ہوئی تصاویر کے متعلق دل چسپ گفت گو کریں۔ بچّے تصاویر اور خاص طور پر رنگین تصاویر سے خوش ہوتے ہیں اور گفت گو میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے ہیں۔ یہ بھی بتائیے کہ اردو کی کتاب لکھائی اور پڑھائی سیدھے ہاتھ سے الٹے ہاتھ کی طرف جاتی ہے اور انگلش میں ہم لکھائی پڑھائی الٹے ہاتھ سے سیدھے ہاتھ کی طرف کرتے ہیں۔ بچّوں کو کتاب کے استعمال کا طریقہ اور تہذیب سمجھائیے اس پر ہر کچھ نہ لکھیں جب تک کہا نہ جائے صفحہ پلٹنا ہو تو تہذیب کے ساتھ آہستہ سے پلٹے۔ کتاب کو بدصورت نہ بنائیے۔

# صفحہ ا — پنسل پھیریے اور رنگ بھریے

## مقصد

- سادہ رنگین پنسل یا قلم وغیرہ پر مؤثر وسہل انداز سے بنیادی گرفت رکھتے ہوئے افقی و عمودی خطوط (Lines) کھینچ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ا
- تختۂ تحریر

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے کہ ان کا سیدھا ہاتھ کون سا ہے اور الٹا ہاتھ کون سا؟ اور جواب میں ان سے ہاتھ کھڑا کرنے کو کہیے۔ اسی طرح ہاتھ کو اوپر کرنے کو کہیے اور پھر ہاتھ کو نیچے کرنے کو کہیے اس طرح بار بار مشق کروائیے اس طرح ان کو سیدھا، الٹا، اوپر اور نیچے کا فرق معلوم ہوگا۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ا کھلوائیے۔ بچّوں سے دیکھنے کو کہیے اور پوچھیے یہاں کیا ہے؟ بچّے یقیناً جواب دیں گے سیڑھی اور اگر نہ دے سکیں تو آپ بتائیے۔ دی گئی سیڑھی کی تصویر نقطوں کی مدد سے بنائی گئی ہے۔ بچّوں سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ اس بات کا دھیان رہے کہ وہ ایک نقطے سے دوسرے نقطوں کو ملائیں۔ بچّوں کو بتائیے کہ افقی یعنی سیدھی کھڑی لائنیں ہمیشہ اوپر سے نیچے کی طرف آتی ہیں اور عمودی یعنی آڑی لائنیں سیدھی طرف سے شروع کرتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کچھ بچّے سیدھی لائن نہ بنا سکیں۔ کوئی بات نہیں بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے اور دُرست طریقے سے نقطوں پر پنسل پھیرنے کے لیے ان کی رہ نمائی کیجیے۔تصویر بن جائے تو بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کس چیز کی تصویر ہے؟ بچّے پہچان لیں تو پوچھیے کہ یہ کس کام آتی ہے؟ جوابات لینے کے بعد رنگ بھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو تختۂ تحریر کے پاس بلا کر ان سے عمودی اور افقی لائنیں بنوایئے۔ یہ کام کاغذ پر بھی کروایا جاسکتا ہے۔ بچّوں سے کہیے کہ جماعت میں دیکھیں کہاں کہاں عمودی اور افقی لائنیں ہیں؟ مثلاً: دروازے کی چوکھٹ، تختۂ تحریر کے کنارے وغیرہ۔

## گھر کا کام

- اپنے گھر کے کسی بھی کمرے میں دیکھیے کتنی عمودی اور افقی لائنیں ہیں۔ دوسرے دن آکر جماعت میں بتائیں۔

## صفحہ ۲ — پنسل پھیریے اور رنگ بھریے

## مقصد

- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھرسکیں۔
- کسی کتاب کو احتیاط سے پکڑ کر کھول اور بند کرسکیں۔ اس کے صفحات درست سمت و انداز سے پلٹ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”پری نرسری“ صفحہ نمبر ۲
- کاغذ (تصویر بنانے کے لیے)

## آمادگی

اس صفحے کا کام کروانے سے پہلے بچّوں سے کہیے کہ اس صفحے کو دیکھیں اور بتائیں کہ یہ کہاں کی تصویر ہے؟ اس تصویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے؟ بچّے یقیناً کہیں گے کہ سڑک ہے، آسمان نظر آرہا ہے، گاڑی ہے، تصویر میں آسمان نظر آرہا ہے۔بچّوں سے پوچھیے کہ آسمان پر کیا کیا ہوتا ہے؟ بچّے جو جو چیز بتائیں وہ تختۂ تحریر پر بنائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ نمبر ۲ کھلوایئے۔نقطوں پر پنسل پھیرنے کی ہدایت دیجیے۔ یہ کام آسان بھی ہے اور بچّے پہلے کر بھی چکے ہیں تو وہ اپنے طور پر یہ کام کرسکتے ہیں۔ اب بچّوں کو تصویر میں رنگ بھرنے کی ہدایت دیجیے اور ان کہیے کہ وہ آسمان پر کچھ بنانا چاہتے ہیں تو بنائیں اور ان میں رنگ بھی بھریں۔ اچّھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو کاغذ دیجیے اور ان کی پسند کی کوئی بھی تصویر بنوا کر رنگ بھروایئے اور ان سے کہیے کہ وہ کوئی بھی تصویر یہاں بناسکتے ہیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے۔ جب بچّے کام ختم کرلیں تو ان سے کہیے کہ وہ جماعت کو بتائیں کہ انھوں نے تصویر میں کیا بنایا ہے؟

## گھر کا کام

- اپنے گھر کے باہر کا منظر دیکھیے۔ دوسرے دن جماعت میں آکر بتایئے کہ آپ نے گھر کے باہر کیا کیا دیکھا کم سے کم ۵ چیزیں بتایئے جو آپ نے دیکھیں۔

صفحہ ۳

# رنگ بھریے

## مقصد

- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھر سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳
- اصلی/ نقلی پھل

## آمادگی

اس صفحے کا کام کروانے سے پہلے بچّوں سے پوچھیے کہ انھیں کون کون سے پھل پسند ہیں؟ بچّے جو نام بتائیں تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی تصویر بھی بنائیے۔ پھر ان سے پوچھیے کہ پھل کھانے کے کیا فائدے ہیں؟ ہوسکتا ہے بچّے یہ بات نہ بتا سکیں۔ اساتذۂ کرام کچھ پھلوں کے فائدے بچّوں کو بتائیں۔ جیسے کہ سیب کھانے سے نظر تیز ہوتی ہے۔ انار کھانے سے خون بنتا ہے۔ کیلا جسم کی افزائش کے لیے اچّھا ہے وغیرہ وغیرہ۔ اساتذہ کو چاہیے سبق پڑھانے سے پہلے کچھ معلومات جمع کر کے رکھیں۔ کچھ اصلی یا نقلی (کھلونا پھل) جماعت میں لاکر بچّوں کو دکھائیے۔

## سبق کی تدریس

بچّوں سے کتاب کا صفحہ نمبر ۳ کھلوائیے۔ ہدایت کیجیے کہ صفحہ کو نرمی سے پلٹیں۔ اب پوچھیے اس صفحے پر کون کون سے پھلوں کی تصویر ہے؟ بچّے جو نام بتائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھیے۔ اگر وہ دُرست نام نہ بتا سکیں تو آپ بتائیے۔ اس بات کی نشان دہی کیجیے کہ تمام پھلوں کا نام ''ا'' سے اور ''آ'' شروع ہورہا ہے۔ ''ا'' اور ''آ'' سے شروع ہونے والی چند اور چیزوں کے نام بھی پوچھیے۔ اب پوچھیے کتاب میں بنے پھلوں کا رنگ کیا ہوتا ہے؟ اگر بچّے دُرست جواب نہ دے سکیں تو آپ دُرست رنگ بتائیے اور پھر تصویروں میں دُرست رنگ بھرنے کے لیے کہیے۔ دُرست رنگ کی پنسل کا انتخاب کرنے کے لیے بچّوں کی مدد کیجیے۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے۔ بار بار ان کو بتاتے رہیے کہ رنگ بھرنے کا دُرست طریقہ کیا ہے۔ رنگ لائنوں سے باہر نہیں نکلنا چاہیے۔ اچّھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر یہ کام کروائیے۔ ہر گروہ سے کہیے کہ جماعت میں ایسی اشیاء کی نشاندہی کریں جو ''ا'' یا ''آ'' سے شروع ہوتی ہیں۔ ہدایت دیں کہ خاموشی سے جائزہ لیں اور آپس میں مشورہ کرکے یہ کام کریں۔ بعد میں ہر گروہ سے پوچھیے۔

## گھر کا کام

- اپنے گھر کا جائزہ لیجیے کہ ''ا'' اور ''آ'' سے شروع ہونے والی کون سے اشیاء وہاں موجود ہیں۔ کم سے کم ۵ اشیا کو ذہن نشین کریں اور دوسرے دن جماعت میں بتائیں۔

صفحہ ۴

# پنسل پھیریے

## مقصد

- سادہ رنگین پنسل یا قلم وغیرہ پر مؤثر وسہل انداز سے بنیادی گرفت رکھتے ہوئے افقی و عمودی خطوط (Lines) کھینچ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۴
- پرانے اخبارات یا کاغذ
- رنگین پنسلیں یا مارکر
- تختۂ تحریر

## آمادگی

اس سرگرمی کا مقصد پنسل پر بچّوں کی گرفت کومضبوط بنانا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حُروف تہجّی کی دُرست شکل بنانے کے لیے ہاتھوں کی دُرست حرکت کی مشق کروانا بھی ہے۔ کتاب میں کام کروانے سے پہلے باری باری بچّوں کو بلاکر تختۂ تحریر پر سیدھی، الٹی، ترچھی لکیریں بنانے کے لیے کہیے، دائرے بنوایئے۔ لہریں بنوایئے، ہاتھ کی حرکت اوپر سے نیچے اور دائیں سے بائیں ہونی چاہیے۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ بچّے آزادانہ اپنے ہاتھ اور بازوؤں کو حرکت دیں۔

## سبق کی تدریس

بچّوں سےصفحہ نمبر ۴ کھلوایئے اورمکمل ہدایات کے ساتھ کام کروایئے۔ بچّے یہ کام کرنے کے لیے مختلف لائنوں میں مختلف رنگوں کی پنسلوں کا استعمال کرسکتے ہیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کتاب میں کیے جانے والے کام کی مزیدمشق کے لیے پرانے اخبارات اور کاغذوں پر مارکر یا رنگین پنسلوں سے اس طرح کے نمونے بنوایئے۔ تختۂ تحریر پر بھی مشق کروایئے۔

## گھر کا کام

- بچّوں سے کہیے کہ جو کام وہ آج جماعت میں کررہے ہیں ایسی ہی لائنیں گھر سے کسی کاغذ یا کاپی میں بنا کر لائیں۔

# صفحہ ۵

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ا''

### مقاصد

- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۵
- کارڈ شیٹ
- حرف ''ا'' کے فلیش کارڈز
- تصاویر کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

### آمادگی

کارڈ شیٹ کی مدد سے ''ا'' کا ایک بڑا کٹ آؤٹ بنائیے اور تختۂ تحریر پر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے یہ کیا ہے؟ سب بچّوں سے ان کا جواب لیجیے۔ کسی کو غلط یا دُرست مت کہیے۔ جب سب سے پوچھ لیں تو پھر دُرست جواب بتایئے۔جن بچّوں نے دُرست بتایا تھا ان کو شاباش دیجیے۔ دوسرے بچّوں کی بھی حوصلہ افزائی کیجیے۔ بچّوں کو ''ا'' کی آواز بتایئے۔ یہ بھی پوچھیے کہ ''ا'' سے کون کون سی چیزوں کے نام شروع ہوتے ہیں۔ بچّے جن چیزوں کے نام بتائیں، وہ تختۂ تحریر پر لکھیے۔تصویریں بھی بنایئے۔

### سبق کی تدریس

بچّوں سے کہیے کہ جماعت میں رکھی چیزوں اور تختۂ تحریر یا دیوار پر لگی تصویروں میں سے ''ا'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی نشان دہی کریں۔ اچّھی طرح مشق کروانے کے بعد ان سے کتاب کا صفحہ نمبر ۵ کھولنے کے لیے کہیے۔ اساتذۂ کرام جب بھی بچّوں سے کتاب کا صفحہ کھلوائیں ان سے کتاب کو احتیاط سے استعمال کرنے کے لیے ضرور کہیں، اس طرح ان کی تربیّت کا عمل جاری رہتا ہے۔صفحہ ۵ پر دی گئی تصویروں کے بارے میں سوالات کیجیے۔ ان پھلوں کے نام کیا ہیں؟ کیا انھوں نے یہ پھل کھائے ہیں؟ ان کو اس میں سے کون سا پھل پسند ہے؟ اور کیوں؟ ''ا'' کے خاکے میں پنسل پھروایئے۔ رنگ بھروایئے۔نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ یہ بہت آسان کام ہے بچّے آسانی سے کرلیں گے۔ کاپی میں بھی 'ا' لکھنے کی مشق کروایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں تقسیم کیجیے۔ ہر گروہ کو حروفِ تہجّی اور تصاویر کے فلیش کارڈز دیجیے۔ بچّوں سے کہیے کہ ان میں سے ''ا'' کا فلیش کارڈزاور ''ا'' سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر ڈھونڈ کر نکالیں۔ بعد میں ہر گروہ اپنے فلیش کارڈز جماعت میں دکھائے۔

### گھر کا کام

- بچّوں کو کاپی میں ''ا'' لکھنے کا کام دیں۔

# صفحہ ۶

## پڑھیے اور پنسل پھیریے

### مقصد

- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۶
- تفریحی مقامات کی تصاویر
- تختۂ تحریر

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا بڑا لکھیے ''پکنک''۔ یقیناً یہ لفظ بچّوں کو پڑھنا نہیں آئے گا تو آپ پڑھ کر سنائیے۔ پھر بچّوں سے پوچھیے کہ پکنک کسے کہتے ہیں؟ سب بچّوں سے جواب لیجیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ انھیں پکنک کے لیے کہاں جانا پسند ہے؟ کیوں پسند؟ کس کے ساتھ پکنک پر جانا انھیں اچّھا لگتا ہے؟ جب وہ پکنک پر جاتے ہیں تو کیا کرتے ہیں؟ کچھ مشہور تفریحی مقامات کی تصاویر پہلے سے جمع کر کے رکھیے۔ بچّوں کو گروہوں میں بانٹ کر یہ تصویریں دیکھنے کے لیے کہیے۔ پھر ان سے تصویروں کے بارے میں سوالات کیجیے، جیسے تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟ کیا آپ اس جگہ کبھی گئے ہیں؟ اس جگہ کا کیا نام ہے؟ سب بچّوں سے باری باری جوابات لیجیے۔ بعد میں یہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگادیجیے۔

### سبق کی تدریس

بچّوں سے کتاب کا صفحہ نمبر ۶ کھلوائیے۔ اچّھی طرح دیکھنے کے لیے کہیے پھر تصویر کے بارے میں سوالات کیجیے، جیسے تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟ کیا آپ کسی ایسی جگہ کبھی گئے ہیں؟ سب بچّوں سے جوابات لینے کے بعد کام سمجھائیے۔ بچّوں کو بتائیے نقطوں سے بنے پہاڑوں اور بادلوں پر پنسل پھیریں اور پھر ان میں رنگ بھریں۔ رنگ بھرنے کے لیے واضح ہدایات دیجیے۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے۔ضرورت پڑنے پر مدد کیجیے۔ اچّھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کرنا ایک ضروری عمل ہے جس کے ذریعے بچّوں کی کارکردگی کا معیار بڑھتا ہے۔ اس لیے حوصلہ افزائی ضرور کیجیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو گروہوں میں بانٹیے۔ ہر گروہ سے کہیے کہ سوچ کر بتائیں کہ وہ پکنک منانے کہاں جانا چاہتے ہیں؟ وہ کہاں جانا چاہتے ہیں؟ کھانے کے لیے کیا لے جانا چاہتے ہیں؟ سوچنے اور مشورہ کرنے کے لیے وقت دیجیے۔ یہ دھیان رہے کہ انھیں کیا کرنا ہے اچّھی طرح سمجھائیں۔ بعد میں ہر گروہ جماعت کے سامنے آکر بتائے کہ انھوں نے کیا پلاننگ کی ہے۔

### گھر کا کام

- اپنی امّی سے پوچھیے کہ وہ پکنک منانے کے لیے کہاں جانا چاہتی ہیں؟ پکنک پر کون کون سے کھانے لے کر جانا چاہتی ہیں؟ دوسرے دن جماعت میں آکر بتائیں۔

# صفحہ ۷

# آوازیں (نظم)

## مقصد

- بلند آواز سے سنائی گئی کہانیوں اور نظموں سے متعلق بنیادی سوال و جواب کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۷
- کاغذ کی پرچیاں

## آمادگی

بچّوں کے سامنے بولنے کی اداکاری کیجیے، یعنی کہ صرف منھ ہلائیں لیکن آواز نہ نکالیں۔ ہاتھوں کو بھی حرکت دیں جیسے کہ بات چیت کرنے کے دوران کرتے ہیں۔ پھر بچّوں سے پوچھیے کہ بتایئے میں نے کیا کہا؟ یقیناً بچّے کہیں گے کہ پتہ نہیں۔ پوچھیے کیوں نہیں۔ یقیناً وہ کہیں گے کہ آواز نہیں آئی۔ ان سے پوچھیے آواز کیا ہوتی ہے؟ وہ جو بھی کہیں یا بتائیں ان کو بتانے دیجیے۔

پھر آپ ان کو بتایئے کہ جب ہم کسی سے بات کرتے ہیں تو وہ ہماری آواز ہوتی ہے جو دوسرے سنتے ہیں اور اسی طرح جانور اور پرندے بھی بولتے ہیں وہ ان کی آواز ہوتی ہے اور اسی طرح ہمارے آس پاس بہت سی آوازیں ہوتی ہیں جیسے گاڑی کی آواز، گھنٹی کی آواز، ریل گاڑی کی آواز وغیرہ۔ اب ان سے مختلف پرندوں اور جانوروں کی آوازیں پوچھیے۔ جیسے بلّی کی آواز، ریل گاڑی کی آواز، کوّے کی آواز، طوطے کی آواز، چڑیا کی آواز، بکری کی آواز۔ بچّے اس کام میں بہت دل چسپی سے حصّہ لیں گے۔ ان سے باری باری آوازیں پوچھیے۔ کوشش کریں کہ تمام بچّے جواب دیں۔ اب ان کو بتایئے کہ آج ہم ایک نظم پڑھیں گے جس میں آوازیں بتائی گئی ہیں۔

## سبق کی تدریس

پوری نظم دل چسپ انداز میں پڑھ کر سنایئے۔ نظم میں بتائی گئی آوازوں پر خصوصی توجہ دیجیے اور آہنگ اور لے کے ساتھ ادا کیجیے۔ ایک دو دفعہ آپ پڑھ کر سنایئے پھر بچّوں کو آپ اپنے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں کو آگہی دیجیے کہ نظم لکھنے والوں کو شاعر کہتے ہیں۔ اس نظم کے شاعر کا نام بھی بتایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- یہ گروہی سرگرمی ہے۔ چند کاغذ کی پرچیوں پر ایسی چیزوں کے نام لکھیے جن کی آواز ہو، جیسے ریل گاڑی، گھڑی، گاڑی وغیرہ۔ چند جانوروں کے نام بھی لکھیے، جیسے بکری، بلّی، طوطا، کوّا وغیرہ۔ پرچیاں بند کر دیجیے۔ ہر گروہ سے ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیے۔ پرچی کھلوایئے جس چیز یا جانور کا نام لکھا ہو اس کی آواز نکالنے کے لیے کہیے۔ یہ کام دہرایا جاسکتا ہے۔ بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## گھر کا کام

- اپنے گھر میں سے آواز والی کوئی ایک چیز / جانور / پرندہ منتخب کیجیے اور اس کی آواز دوسرے دن جماعت میں سنایئے۔

# صفحہ ۸ پنسل پھیریے اور رنگ بھریے

## مقاصد

- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھرسکیں۔
- سادہ رنگین پنسل یا قلم وغیرہ پر مؤثر وسہل انداز سے بنیادی گرفت رکھتے ہوئے افقی و عمودی خطوط (Lines) کھینچ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۸
- تختۂ تحریر

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے کس کس نے پانی میں کشتی چلتے ہوئے دیکھی ہے؟ سب کے جوابات سنیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ کشتی کی شکل کیسی ہوتی ہے؟ سب بچّوں سے ان کا جواب سنیے۔ کوشش کیجیے کہ سب کو موقع ملے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا انھوں نے دریا، جھیل یا سمندر میں پانی دیکھا ہے؟ کیا وہ چلتا ہے کیسے؟ ہوسکتا ہے کہ کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ تختۂ تحریر پر 〰〰〰〰 کی نمونہ لائن بنا کر دکھائیں اور کہیں ایسے۔ ہاتھ کے اشارے سے بھی بتائیں۔ بچّوں سے بھی کہیں کہ ہاتھوں کی مدد سے لہر بنائیں۔ اب ان سے پانی، آسمان اورسورج کا رنگ پوچھیے۔ دن میں آسمان کیسا نظر آتا ہے اور رات کو کیسا؟ سب کے جواب سننے کے بعد ان کو بتایئے کہ آج ہم ایک تصویر مکمل کریں اور رنگ بھریں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ نمبر ۸ کھلوایئے۔ بچّوں سے پوچھیے صفحے پر کیا نظر آرہا ہے؟ اب بچّوں سے نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ یہ کام بچّے پہلے بھی کرچکے ہیں۔ وہ آسانی سے کرلیں گے۔ اچّھی طرح واضح ہدایات کے بعد کام شروع کروایئے۔ دوران کام جائزہ لیتے رہیے اس کے بعد رنگ بھروایئے۔ بچّے اپنی پسند کے رنگ بھرسکتے ہیں۔ اچّھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں سے تختۂ تحریر پر 〰〰〰〰 لہروں جیسی نمونہ لائن بنانے کے لیے کہیے۔ ہاتھ کو آزادانہ حرکت دیتے ہوئے لائنیں بنوایئے۔ پہلے آپ خود بنا کر دکھایئے اور پھرویسے ہی کرنے کے لیے کہیے۔ ہر بچّے کو موقع ملنا چاہیے۔ کاغذ پر بھی یہ کام کروایا جاسکتا ہے۔

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ب''     صفحہ ۹

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتاسکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۹
- کارڈ شیٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- ب سے شروع ہونے والی اشیا

### تعارف

بچّے ''ا'' پڑھ چکے۔ اب ''ب'' کے خاندان کی پڑھائی لکھائی کا آغاز ہوگا۔یعنی ''ب، پ، ت، ٹ اور ث''۔ کیونکہ اس خاندان کے سارے حروف ایک ہی جیسی شکل رکھتے ہیں سوائے نقطوں کی تعداد اور ط کی علامت کے،اس لیے ان کو ایک ہی طریقے سے پڑھایا جاسکتا ہے۔ ہرصفحہ الگ دن پڑھایا جائے اور مکمل آمادگی اورسرگرمیوں کے ساتھ مکمل کروایا جائے۔

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ب'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ب'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ب'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ب'' کی آواز اورشکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سےصفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ب'' کے خاکے میں اورنقطوں پرپنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگرضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | بلی | | بادل | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## سر گرمیاں (تجاویز)

- بچّوں سے کہیے کہ وہ ہَوا میں ”ب“ لکھ کر دکھائیں۔ پہلے آپ خود ہَوا میں ہاتھ کی حرکت سے ”ب“ لکھیں۔
- بچّوں سے کہیے کہ جماعت میں سے ایسی اشیا کی نشاندہی کیجیے جو ”ب“ سے شروع ہوتی ہیں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ب“ لکھ کر لانے کا کام دیجیے۔

## صفحہ ۱۰ پڑھیے اور پنسل پھیریے ”پ“

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”پری نرسری“ صفحہ نمبر ۱۰
- کارڈ شیٹ
- فلیش کارڈز
- تصاویر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ”پ“ لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ”پ“ کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ”پ“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں؟ اس طرح وہ ”پ“ کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”پ“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | پتّا | | پنکھا | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- گروہ میں کام کرواتے ہوئے ہر گروہ کو تصاویر اور حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز دیجیے۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ درست حرف کے ساتھ درست تصویر ملائیں۔

### گھر کا کام

- کوئی ایسی چیز لے کر آئیں جس کا نام "پ" سے شروع ہوتا ہو۔

## صفحہ ۱۱    پھَل

### مقاصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔
- سادہ اور موزوں الفاظ میں تصاویر، واقعات، اشیا اور افراد کے بارے میں بات چیت کرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ۱۱
- فلیش کارڈز
- پھل (اصلی/نقلی)
- تختۂ تحریر

### آمادگی

بچّوں سے آج پھلوں کے بارے میں بات چیت ہوگی۔ پہلے آپ انھیں بتایئے کہ آپ کو پھل کھانا بہت پسند ہے۔ خاص طور پر کسی پھل کا نام لیں کہ وہ آپ کو بہت پسند ہے کیونکہ اس کا ذائقہ بہت اچھّا ہے یا وہ بہت فائدے مند ہے وغیرہ وغیرہ۔ جماعت میں کچھ پھل (اصلی/نقلی) لاکر رکھیے۔ بچّوں سے پوچھیے وہ کیا ہیں؟ بچّوں سے پوچھیے ان کے پسندیدہ پھل کون کون سے ہیں؟ یہ بھی پوچھیے کہ وہ پھل انھیں کیوں پسند ہے؟ بچّوں کو پھلوں کے فائدے بتایئے اور یہ بھی بتایئے کہ انھیں کھانا ہمارے لیے بہت ضروری ہے۔

### سبق کی تدریس

اب کتاب کا صفحہ ۱۱ کھلوایئے۔ اس صفحے پر موجود پھلوں کے نام پوچھیے۔ امّید ہے کہ بچّے بتا دیں گے لیکن اگر نہ بتاسکیں تو آپ بتایئے۔ کتاب میں جن پھلوں کی تصاویر ہیں ان کے ناموں کے فلیش کارڈز




تختۂ تحریر پر لگایئے۔ انھی پھلوں کی تصاویر بھی ان کے ساتھ لگایئے تاکہ بچّے دیکھ سکیں کہ کس کا کیا نام ہے؟ وہ پڑھ نہیں سکتے لیکن پہچان سکیں گے۔ بار بار بتایئے ان سے بھی پوچھیے امید ہے درست بتائیں گے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- موسمی پھلوں کی چاٹ بنا کر بچّوں کو کھلائیں۔
- کاغذ پر پھلوں کی تصاویر کے خاکے دے کر ان میں رنگ بھروائیں۔ بعد میں جماعت میں آویزاں کیجیے۔

## گھر کا کام

- امّی ابّو بہن بھائی یا گھر میں کسی سے بھی ان کی پسند کے پھل کا نام پوچھ کر آیئے۔ جماعت میں آکر بتایئے۔
- کاپی میں سیب کی تصویر بنا کر رنگ بھر کر لایئے۔

## صفحہ ۱۲ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ت''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتاسکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۱۲
- کارڈ شیٹ
- فلیش کارڈز
- تصاویر
- اشیا
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر ''ت'' بڑا بڑا لکھیے یا پھر اس کا کٹ آؤٹ لگایئے۔ ''ت'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں لگایئے بچّوں سے یعنی ''ت'' کے بارے میں پوچھیے دیکھیے وہ بتاسکتے ہیں یا نہیں۔ پھر ان کی دُرست آواز بتایئے۔تصویروں میں دکھائی گئی چیزوں کے نام بتایئے۔ اب بچّوں سے پوچھیے کون سی تصویر کس حرف کی آواز کی ہے؟ یہ مشق سب بچّوں سے کروایئے چند اور چیزوں کے نام بھی بچّوں سے پوچھیے۔ اس سرگرمی کے بعد کتاب کا کام کروایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ت'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | تالا | | تتلی | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز اور تصاویر کی مدد سے ''ت'' سے شروع ہونے والی چیزوں کے فلیش کارڈز | تالا  | | تتلی  | دکھائیے اور ''ت'' سے شروع ہونے والے الفاظ کی مشق کروائیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ت'' لکھنے کا کام دیجیے۔
- گھر میں ''ت'' سے شروع ہونے والی کوئی ایک چیز ڈھونڈیں۔ دوسرے دن جماعت میں اس کا نام بتائیں۔

## صفحہ ۱۳ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ٹ''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۱۳
- کارڈ شیٹ
- فلیش کارڈز
- تصاویر
- اشیا
- تختۂ تحریر


## آمادگی

تختۂ تحریر پر ''ٹ'' بڑا بڑا لکھیے یا پھر اس کا کٹ آؤٹ لگائیے۔ ''ٹ'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں لگائیے بچّوں سے یعنی ''ٹ'' کے بارے میں پوچھیے دیکھیے وہ بتاسکتے ہیں یا نہیں۔ پھر ان کی دُرست آواز بتائیے۔تصویروں میں دکھائی گئی چیزوں کے نام بتائیے۔ اب بچّوں سے پوچھیے کون سی تصویر کس حرف کی آواز کی ہے؟ یہ مشق سب بچّوں سے کروائیے چند اور چیزوں کے نام بھی بچّوں سے پوچھیے۔ اس سرگرمی کے بعد کتاب کا کام کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ٹ'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ٹوکری | | ٹماٹر | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز اور تصاویر کی مدد سے ''ٹ'' سے شروع ہونے والی چیزوں کے فلیش کارڈز | ٹوکری  | | ٹماٹر  | دکھائیے اور ''ٹ'' سے شروع ہونے والے الفاظ کی مشق کروائیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ٹ'' لکھنے کا کام دیجیے۔
- گھر میں ''ٹ'' سے شروع ہونے والی کوئی ایک چیز ڈھونڈیں۔ دوسرے دن جماعت میں اس کا نام بتائیں۔

# صفحہ ۱۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ٹ''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتاسکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کرکے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۱۴
- کارڈ شیٹ
- فلیش کارڈز

- تصاویر
- اشیا
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر ”ث“ بڑا بڑا لکھیے یا پھر اس کا کٹ آؤٹ لگائیے۔ ”ث“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں لگائیے بچّوں سے یعنی ”ث“ کے بارے میں پوچھیے دیکھیے وہ بتاسکتے ہیں یا نہیں۔ پھر ان کی دُرست آواز بتایئے۔تصویروں میں دکھائی گئی چیزوں کے نام بتایئے۔ اب بچّوں سے پوچھیے کون سی تصویر کس حرف کی آواز کی ہے؟ یہ مشق سب بچّوں سے کروائیے چند اور چیزوں کے نام بھی بچّوں سے پوچھیے۔ اس سرگرمی کے بعد کتاب کا کام کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”ث“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویر کا نام پوچھیے۔ تصویر کے نام کا فلیش کارڈ | ثمر | دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز اور تصاویر کی مدد سے ”ث“ سے شروع ہونے والے لفظ کا فلیش کارڈز | ثمر  | دکھایئے اور ”ث“ سے شروع ہونے والے دیگر الفاظ کی مشق کروایئے۔مثلاً: ثاقب، ثابت ، ثریّا وغیرہ۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ث“ لکھنے کا کام دیجیے۔
- گھر میں ”ث“ سے شروع ہونے والی کوئی ایک چیز ڈھونڈیں۔

## صفحہ ۱۵ | راستہ تلاش کیجیے

### مقاصد

- سادہ رنگین پنسل یا قلم وغیرہ پر مؤثر و سہل انداز سے بنیادی گرفت رکھتے ہوئے افقی و عمودی خطوط (Lines) کھینچ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۱۵

### آمادگی

بچّوں سے پوچھیے مدد کسے کہتے ہیں؟ دیکھیے کہ وہ بتاسکتے ہیں یا نہیں۔ سب بچّوں کو جواب دینے کا موقع دیجیے۔ اس کے بعد مدد کے دُرست معانی ان کو سمجھائیے۔ یہ بتائیے کہ اگر کسی کو ضرورت ہو تو ہمیں مدد کرنی چاہیے۔ ان سے پوچھیے کیا کبھی انھوں نے کسی کی مدد کی ہے؟ سب بچّوں کو جواب دینے کا موقع دیجیے پھر کتاب میں کام کروائیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۱۵ کھلوائیے۔ بچّوں سے دیکھنے کے لیے کہیے اور پوچھیے کہ ان کا کیا خیال ہے کہ اس صفحہ پر کیا کرنا ہے۔ اچّھی طرح سمجھا کر کام کروائیے۔ نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ دوران کام جائزہ لیتے رہیے۔ اچّھا کام کرنے پر صفحے پر سنہرا ستارا لگائیے یا بنائیے بچّے کو شاباش دیجیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت میں ''ڈھونڈو تو جانیں'' کا کھیل کھیلیے۔ جماعت میں مختلف جگہوں پر کچھ چیزیں چھپا دیجیے۔ پھر بچّوں سے ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔ یہ کام اگر گروہ بنا کر کھیلا جائے گا تو نظم و ضبط کے ساتھ ممکن ہوسکے گا۔ ایک وقت میں ایک گروہ کو کھیل کھلائیں۔

## صفحہ ۱۶ | درست تصویر سے حَرف ملائیے (جانچ)

### مقصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۱۶
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- تصاویر

## آمادگی

ب پ ت ٹ ث تختۂ تحریر پر لکھیے اور ان کی آوازوں اور نام کا اعادہ کروائیے۔ بچّوں سے پوچھ کر ان حروف کی آواز سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام یا تصاویر تختۂ تحریر پر لکھیے یا لگائیے۔ اعادہ کی مشق اچّھی طرح کروانے کے بعد کتاب میں کام کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ نمبر ۱۶ کھلوائیے۔ بچّوں سے پوچھیے انھیں کیا لگتا ہے کہ یہاں کیا کام کرنا ہے؟ امّید ہے وہ جھٹ سے بتا دیں گے۔ پھر بھی کام کو اچّھی طرح سے سمجھانے کے بعد انھیں خود سے کرنے دیجیے۔ امّید ہے وہ یہ کام بغیر کسی مدد کے کرلیں گے۔ پہلے زبانی طور پر حل کروالیں پھر ان سے کروائیں۔ اچھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- گروہی سرگرمی کے طور پر فلیش کارڈز کی مدد سے اعادہ کروائیے۔ تصاویر اور فلیش کارڈز بچّوں کو دیجیے۔ بچّوں سے کہیے درست حرف کے فلیش کارڈز کے ساتھ درست تصویر ملائیں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ب،پ،ت، ٹ، ث“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۱۷ — پنسل پھیریے

## مقصد

- حُروف کی بے ترتیب/ باترتیب نقل و نویسی کرسکیں۔
- ریت، نمک، کھردرے کاغذ پر یا ہَوا میں اپنے ہاتھ کی پہلی دو انگلیوں سے مختلف سادہ خطوط (Lines) اور اشکال بناسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”پری نرسری“ صفحہ نمبر ۱۷
- پاکستان کا پرچم
- تختۂ تحریر

## آمادگی

زبانی طور پر ”ب“ خاندان کا اعادہ کروانے کے بعد بچّوں کو بتائیے اس کے بعد ایک نیا حرف آئے گا جو ہم پڑھنا اور لکھنا سیکھیں گے۔ ان سے پوچھیے کہ انھیں ب ت ٹ ث لکھنا آ گیا ہے تو وہ اس کو ہَوا میں لکھ کر بتائیں۔ بچّے باآسانی اس کو بنا سکیں گے۔ ان کو بتائیے کہ نیا لفظ سیکھنے سے پہلے ہم آج ایک کام کریں گے جو ہمیں نیا لفظ سیکھنے میں مدد کرے گا۔ تختۂ تحریر پر ایک دائرہ بنایئے۔ اب بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس کو ہَوا میں بناسکتے ہیں۔ بچّے یقیناً ایسا کرکے دکھائیں گے۔ تمام بچّوں سے ہَوا میں دائرہ بنوایئے اس طرح وہ اپنے ہاتھ کو گولائی میں حرکت دینا سیکھیں گے۔ آپ

بھی ان کے ساتھ ہَوا میں دائرہ بنا کر دکھایئے۔ کوشش کریں کہ بچّے ہاتھ کے ساتھ پورے بازو کو حرکت دیں۔ اب تختۂ تحریر پر چاند اور ستارے بنایئے جیسا کہ ہمارے ملک کے پرچم پر بنا ہوتا ہے۔ تختۂ تحریر پر پرچم لگا کر بھی دکھا سکتے ہیں۔ بچّے چاند اور ستارے کو بخوبی پہچان لیں گے۔ بچّوں کو بتایئے کہ ہم کتاب میں چاند بنائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۱۷ کھلوایئے۔ ان سے پوچھیے کہ اس صفحے پر کیا ہے اور کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ آج انھیں کیا کام کرنا ہے۔ ان سے جواب لینے کے بعد کتاب میں کام کروایئے۔ طلبہ ''ب'' کا خاندان پڑھ چکے ہیں اور انھیں آگے ''ج''، ''د'' اور ''ر'' کا خاندان پڑھنا اور لکھنا ہے۔ لکھائی کی مشق کے لیے یہ سرگرمی دی جا رہی ہے ۔ پورا صفحہ ایک ہی نشست میں مکمل کروانے کی بجائے وقتاً فوقتاً کام کروایا جا سکتا ہے۔ کام کرواتے وقت پوری توجّہ دیجیے کہ بچّے کی پنسل پر اچھّی گرفت ہو اور وہ دُرست سمت میں پنسل چلا رہا ہو۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کاغذ پر پاکستان کے پرچم کا خاکہ دیجیے۔ بچّوں سے اس میں رنگ بھروایئے۔ پرچم کو کاٹ کر کاپی میں چپکوایئے۔

## صفحہ ۱۸ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ج''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۱۸
- فلیش کارڈز
- حرف ''ج'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''ج'' سے شروع ہونے والی اشیا

### تعارف

بچّے ''ب'' کا خاندان پڑھ چکے ہیں۔ اب 'ج' کے خاندان کی پڑھائی لکھائی کا آغاز ہوگا۔یعنی ''ج، چ، ح اور خ''۔ کیونکہ اس خاندان کے سارے حروف ایک ہی جیسی شکل رکھتے ہیں سوائے نقطوں کی تعداد کے اس لیے ان کو ایک ہی طریقے سے پڑھایا جاسکتا ہے۔ ہرصفحہ الگ دن پڑھایا جائے اور مکمل آمادگی اور سرگرمیوں کے ساتھ مکمل کروایا جائے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''ج'' لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے ، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انھیں بتائیے کہ یہ حرف جیم ہے اور اس کی آواز ''ج'' ہے۔ حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ ''ج'' سے شروع ہونے والی کچھ اشیا جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے جوتا، کھلونا جہاز، جگ وغیرہ۔ اب بچّوں کو یہ اشیا دکھائیے اور بتائیے کہ ''جیم سے جوتا'' کیونکہ ''ج'' کی آواز ہے ''۔۔۔'' (جیم کی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ جوتا بولتے وقت سب سے پہلے ''ج'' کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو ''ج'' سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ج'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز [جوتا] [جگ] دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز میں سے ''ج'' کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- [جوتا ] [جگ ] کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو۔ دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ج'' لکھنے کو دیجیے۔
- گھر میں سے ''ج'' سے شروع ہونے والی کوئی دو چیزیں تلاش کیجیے۔ دوسرے دن جماعت میں ان کے نام بتائیے۔

صفحہ ۱۹

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ''چ''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۱۹
- فلیش کارڈز
- حرف ''چ'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''چ'' سے شروع ہونے والی اشیا

### آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''چ'' لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انھیں بتائیے کہ یہ حرف ''چے'' ہے اور اس کی آواز ''چ'' ہے۔حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچّے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ ''چ'' سے شروع ہونے والی کچھ اشیا جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے چشمہ، چاول، چمچہ وغیرہ۔ اب بچّوں کو یہ اشیا دکھائیے اور بتائیے کہ ''چے سے چمچہ'' کیونکہ ''چ'' کی آواز ہے ''۔۔۔'' (چ کی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ چمچہ بولتے وقت سب سے پہلے 'چ' کی آواز آتی ہے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو 'چ' سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ مزید الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''چ'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | چوزا | | چڑیا | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔ حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز میں سے ''چ'' کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- چوزا  چڑیا  کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''چ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔
- گھر میں سے ''چ'' سے شروع ہونے والی کوئی دو چیزیں تلاش کیجیے۔ دوسرے دن جماعت میں ان کے نام بتائیے۔

# صفحہ ۲۰ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ح''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۲۰
- فلیش کارڈز
- حرف ''ح'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''ح'' سے شروع ہونے والی اشیا

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''ح'' لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے ، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انھیں بتائیے کہ یہ حرف حے، ہے اور اس کی آواز ''ح'' ہے۔ حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچّے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ ''ح'' سے شروع ہونے والی کچھ اشیا کی تصاویر جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے حلوہ، حقہ، حوض وغیرہ۔ اب بچّوں کو یہ اشیا دکھائیے اور بتائیے کہ ''حے سے حلوہ'' کیونکہ ''ح'' کی آواز ہے ''۔۔۔۔'' (حے کی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ حلوہ بولتے وقت سب سے پہلے ''ح'' کی آواز آتی ہے۔ اچھّی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو ''ح'' سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ مزید الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”ح“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | حلوا | | حجام | دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروایئے۔حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز میں سے ”ح“ کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- | حلوا  | | حجام  | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ح“ لکھنے کے لیے دیجیے۔
- اپنی امی سے پوچھ کر آیئے وہ کس کس چیز کا حلوہ پکاتی ہیں، دوسرے دن جماعت میں آکر بتایئے۔ یہ بھی بتایئے کہ آپ کو کون سا حلوا پسند ہے۔

## صفحہ ۲۱ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ”خ“

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردو سے دوستی ”پری نرسری“ صفحہ نمبر ۲۱
- فلیش کارڈز
- حرف ”ح“ کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ”ح“ سے شروع ہونے والی اشیا

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ایک بڑا سا "خ" لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے ، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انھیں بتائیے کہ یہ حرف خے ہے اور اس کی آواز "خ" ہے۔حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ "خ" سے شروع ہونے والی کچھ اشیا کی تصاویر جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے خرگوش، خوبانی، خیمہ وغیرہ۔ اب بچّوں کو یہ اشیا دکھائیے اور بتائیے کہ "خے سے خرگوش" کیونکہ "خ" کی آواز ہے "۔۔۔۔" (خ کی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ خرگوش بولتے وقت سب سے پہلے "خ" کی آواز آتی ہے۔ اچھّی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو "خ" سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ مزید الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ "خ" کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | خوبانی | | خرگوش | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھّی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے "خ" کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- | خوبانی  | | خرگوش  | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں "خ" لکھنے کو دیجیے۔
- اپنی امّی سے پوچھ کر آیئے ان کو کون سی خوش بو پسند ہے؟۔ دوسرے دن جماعت میں بتائیے۔

# صفحہ ۲۲ — پیاری تتلی (نظم)

## مقاصد

- بلند آواز سے سنائی گئی کہانیوں اور نظموں سے متعلق بنیادی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”پری نرسری“ صفحہ نمبر ۲۲
- کارڈ شیٹ سے بنی تتلی

## آمادگی

تتلی کی ایک خوب صورت سی تصویر تختۂ تحریر پر لگائیے یا بنائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ امّید ہے سب ہی بچّے بتاسکیں گے۔ بچّوں سے پوچھیے کس کس نے تتلی دیکھی ہے اور کہاں دیکھی ہے؟ یہ بھی پوچھیے کہ تتلی کس کس رنگ کی ہوتی ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں کھُلی جگہ ہے جہاں پودے لگے ہوں وہاں بچّوں کو لے جائیں شاید انھیں وہاں کوئی تتلی نظر آجائے۔ تتلی کے بارے میں بچّوں کو بتائیے کہ وہ کیسی ہوتی ہے؟ اس کو پکڑنا نہیں چاہیے۔ اس کے پر بہت نازک ہوتے ہیں اور پکڑنے سے ٹوٹ جاتے ہیں اور تتلی مر جاتی ہے۔ اس لیے تتلی کو پکڑنے کی کوشش نہ کریں اور دور سے دیکھ کرخوش ہوں۔

## سبق کی تدریس

ترنّم کے ساتھ یہ نظم پڑھیے۔ آواز کے اتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کی حرکات سے بچّوں کے لیے دل چسپی پیدا کیجیے۔ پہلے خود بلندخوانی کیجیے بعد میں بچّوں سے اپنے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کاغذ پرتتلی کے خاکے میں رنگ بھروائیے۔ تمام خاکے جماعت میں آویزاں کیجیے۔ اچّھا رنگ بھرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- ہاتھوں کی مدد سے تتلی بنانا سکھائیے۔

## گھر کا کام

- کتاب میں دی گئی نظم ”تتلی“ گھر میں پڑھیے۔ اپنی امّی یا ابّو کو سنائیے۔

# پڑھیے اور پنسل پھیریے "د"

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ۲۳
- حرف "د" کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- "د" سے شروع ہونے والی اشیا

## تعارف

بچّے "ج" کا خاندان پڑھ چکے ہیں۔ اب "د" کے خاندان کی پڑھائی لکھائی کا آغاز ہوگا۔یعنی "د، ڈ اور ذ"۔ کیونکہ اس خاندان کے سارے حروف ایک ہی جیسی شکل رکھتے ہیں سوائے نقطے اور ط کی علامت کے، اس لیے ان کو ایک ہی طریقے سے پڑھایا جاسکتا ہے۔ ہرصفحہ الگ دن پڑھایا جائے اور مکمل آمادگی اور سرگرمیوں کے ساتھ مکمل کروایا جائے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا "د" لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انہیں بتائیے کہ یہ حرف دال ہے اور اس کی آواز "د" ہے۔ حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ "د" سے شروع ہونے والی کچھ اشیا جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے دال (کچے دانے)، دودھ، دوپٹہ وغیرہ۔ اب بچوں کو یہ اشیا دکھائیے اور بتائیے کہ "دال سے دودھ کیونکہ "د" کی آواز ہے "۔۔۔۔" (دال کی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ دودھ بولتے وقت سب سے پہلے "د" کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو "د" سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ مزید الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ "د" کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگرضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز درخت دروازہ دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔ حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ''د'' کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- درخت  دروازہ  کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''د'' لکھنے کے لیے دیجیے۔
- گھر میں سے ''د'' سے شروع ہونے والی کوئی دو چیزیں تلاش کیجیے۔ دوسرے دن جماعت میں ان کے نام بتائیے۔

# صفحہ ۲۴ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ڈ''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۲۴
- حرف ''ڈ'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- ''ڈ'' سے شروع ہونے والی اشیا

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''ڈ'' لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انھیں بتائیے کہ یہ حرف ڈال ہے اور اس کی آواز ''ڈ'' ہے۔ حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچّے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ ''ڈ'' سے شروع ہونے والی کچھ اشیا جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے ڈنڈا، ڈول، ڈبّا وغیرہ۔ اب بچّوں کو یہ اشیا دکھائیے اور بتائیے کہ ''ڈال سے ڈبّا'' کیونکہ ''ڈ'' کی آواز ہے ''۔۔۔'' (ڈال کی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ ڈبا بولتے وقت سب سے پہلے ''ڈ'' کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو ''ڈ'' سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ مزید الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔ کچھ ایسے الفاظ بھی بتائیے جن کے بیچ میں ''ڈ'' آتا ہو، مثلاً مینڈک

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ڈ'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز [ڈول] [ڈبل روٹی] دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروایئے۔حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ''ڈ'' کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- [ڈول ] [ڈبل روٹی ] کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ڈ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔
- گھر میں سے ''ڈ'' سے شروع ہونے والی کوئی دو چیزیں تلاش کیجیے۔ دوسرے دن جماعت میں ان کے نام بتایئے۔

## صفحہ ۲۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ذ''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۲۵
- حرف ''ذ'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- ''ذ'' سے شروع ہونے والی اشیا

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ”ذ“ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انہیں بتائیے کہ یہ حرف ذال ہے اور اس کی آواز ”ذ“ ہے۔حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچّے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ ”ذ“ سے زیادہ الفاظ شروع نہیں ہوتے۔ جماعت میں انھیں کسی چیز کے ذرّے دکھائیے۔ لفظ ذائقہ پر توجہ مبذول کروائیے۔ بچّوں کو ذرّے دکھائیے اور بتائیے کہ ذال سے ”ذرّے“ کیونکہ ”ذ“ کی آواز ہے ”۔۔۔۔“ (ذال کی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ ذرّے بولتے وقت سب سے پہلے ”ذ“ کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو ”ذ“ سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ مزید الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔ کچھ ایسے الفاظ بھی بتائیے جن کے بیچ میں ”ذ“ آتا ہو، مثلاً: کاغذ، اذان

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچوں کے جوابات سنیے۔ ”ذ“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ذرّے | | ذخیرہ | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔حروف تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ”ذ“ کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- | ذرّے  | | ذخیرہ  | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ذ“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

# صفحہ ۲۶۔۲۷ تصویری کہانی (مرغی اور چُوزے)

## مقاصد

- اپنے یومیہ کاموں کی ترتیب مکمل جملوں میں بیان کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۲۶۔۲۷

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے، آپ میں سے کون کون ہے جو امّی ابّو کا کہنا مانتا ہے۔ یقیناً سب بچّے ہی کہیں گے کہ وہ کہنا مانتے ہیں۔ ان کو شاباش دیجیے اور بتایئے کہ امّی ابّو یا کسی بھی بڑے کا کہنا ماننا کیوں ضروری ہے۔ انھیں اس کے فوائد اور نقصانات بتایئے۔ جیسے کہ کہنا ماننے میں ہی ہماری بھلائی ہوتی ہے اور کسی نقصان سے بچ سکتے ہیں۔ اب بچّوں کو کتاب کھولنے کو کہیے۔

## سبق کی تدریس

یہ ایک دل چسپ اور سبق آموز تصویری کہانی ہے۔ پہلے بچّوں کو تصاویر دکھا کر باری باری ہر تصویر پر گفت گو کیجیے کہ اس میں کیا نظر آ رہا ہے؟ کہانی میں کیا ہورہا ہے؟ تصویروں میں کون کون ہے؟ اگر وہ خود سے کوئی کہانی بنا کر سنا سکیں تو شاباش دیجیے۔ پھر انھیں کہانی سنایئے۔

کہانی یہ ہے کہ ایک مرغی کے چار چُوزے تھے۔ تین چُوزے ہمیشہ اس کے ساتھ ساتھ چلتے تھے لیکن ایک چُوزہ بہت شرارتی تھا۔ وہ سب سے الگ رہا کرتا۔مرغی اسے سمجھاتی کہ اپنی امّی اور بہن بھائیوں سے دور نہیں جانا چاہیے ، لیکن وہ نہ سنتا۔ آخر ایک دن ایک بلّی نے اسے اکیلا دیکھا تو حملہ کر دیا۔ چُوزے نے خوب شور مچایا۔مرغی بھاگی بھاگی آئی اور بلّی کو دور بھگادیا۔ اب وہ چُوزہ اچّھا بچّہ بن گیا ہے اور ہمیشہ سب کے ساتھ رہتا ہے۔دل چسپ طریقے سے کہانی سنایئے۔ پھر کہانی کے بارے میں بچّوں سے ان کی رائے لیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر کہانی کا رول پلے کروایئے۔
- کچھ بچّوں کو چوزا بنایئے ایک بچّے کو مرغی اور ایک بچّے کو بلّی۔
- بچّے یہ کام بہت دل چسپی سے کریں گے۔ اچّھی طرح سمجھا کر اور تیاری کروا کر یہ کام کروایئے۔ بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## گھر کا کام

- آج جو کہانی سُنی ہے وہ گھر جاکر کسی کو بھی (امّی، ابّو، بہن، بھائی) سنایئے۔ جماعت میں آکر بتایئے انھیں کہانی کیسی لگی؟

## صفحہ ۲۸ — تصویر کی جگہ آنے والا حَرف بتائیے (جانچ)

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتاسکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔

### آمادگی

اس صفحے پر ''ا'' سے ''ذ'' تک کے حروف کا اعادہ کیا جائے گا، بچّوں کو ''ا'' سے ''ذ'' تک کا اعادہ کروائیے۔ تختۂ تحریر پر حروف لکھیے ''ا'' سے ''ذ'' تک۔ ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر بنائیے/لگائیے۔ ایک سر گرمی کے طور پر کروائیے تاکہ بچّے بھرپور انداز میں شرکت کر کے اعادہ کرسکیں۔ بچّوں سے حروف کی آوازیں اور ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

### سبق کی تدریس

یہ اب تک کے سیکھے گئے حُروفِ تہجّی کا اعادہ ہے۔ اسے زُبانی سرگرمی کے طور پر کروائیے۔بعض حُروف لکھے ہوئے ہیں اوربعض کی جگہ تصاویر بنی ہیں۔ بچّوں سے تصویروں کے نام پوچھیے۔ پوچھیے یہ نام کس کس حرف سے شروع ہوتے ہیں۔ پہلے زبانی طور پر حل کروائیے پھر کتاب میں کام کروائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے تاکہ حروف کو پہچاننے کی مشق ہوسکے۔

## صفحہ ۲۹ — پڑھیے پنسل پھیریے ''ر''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتاسکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۲۹
- فلیش کارڈز
- حروف ''ر'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- حروف ''ر'' سے شروع ہونے والی اشیا

## تعارف

اب "ر" کے خاندان کی پڑھائی لکھائی کا آغاز ہوگا یعنی "ر، ڑ، ز اور ژ" کیونکہ اس خاندان کے چاروں حروف ایک ہی جیسی شکل رکھتے ہیں سوائے نقطے اور ط کی علامت کے، اس لیے ان کو ایک ہی طریقے سے پڑھایا جاسکتا ہے۔ ہر صفحہ الگ دن پڑھایا جائے اور مکمل آمادگی اور سرگرمیوں کے ساتھ مکمل کروایا جائے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا "ر" لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انہیں بتایئے کہ یہ حرف دال ہے اور اس کی آواز "ر" ہے۔ حرف کی درست آواز سکھایئے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ "ر" سے شروع ہونے والی کچھ اشیا جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے رومال، روٹی، روپیہ وغیرہ۔ اب بچوں کو یہ اشیا دکھایئے اور بتایئے کہ "رے" سے روٹی کیونکہ "ر" کی آواز ہے "۔۔۔" (رے کی درست آواز نکال کر بتایئے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلایئے کہ لفظ روٹی بولتے وقت سب سے پہلے "ر" کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتایئے جو "ر" سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ مزید الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ "ر" کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔ تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ریچھ | | ریل گاڑی | دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- "ر" سے ریل گاڑی سکھایئے۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ ریل گاڑی بنا کر چلیں۔
- |  ریچھ | |  ریل گاڑی | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو۔ دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- گھر میں جو بھی روٹی پکی ہو اس کا ایک ٹکڑا لے کر آیئے اور جماعت میں دکھایئے "ر" سے روٹی۔

# صفحہ ۳۰

## پڑھیے پنسل پھیریے ''ڑ''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳۰
- فلیش کارڈز
- حروف ''ڑ'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- حروف ''ڑ'' سے شروع ہونے والی اشیا

### آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''ڑ'' لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انہیں بتایئے کہ یہ حرف دال ہے اور اس کی آواز ''ڑ'' ہے۔حرف کی درست آواز سکھایئے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ بچّوں کو یہ بھی بتایئے کہ ''ڑ'' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کی آواز الفاظ کے بیچ یا آخر میں آتی ہے۔ جیسے گاڑی، سڑک، پہاڑ وغیرہ۔ ''ڑ'' کے الفاظ کی اشیا کی تصاویر جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے پہاڑ، سڑک، گاڑی وغیرہ۔ اب بچوں کو یہ تصاویر دکھایئے اور بتایئے کہ ان میں ''ڑ'' کی آواز کہاں کہاں آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ڑ'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | گڑیا | | پہاڑ | دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔

## سر گرمیاں (تجاویز)

- جماعت میں فرش پر فرضی سڑک بنایئے اور بچّوں کو گاڑی بن کر اس پر چلنے کو کہیے۔ اس طرح وہ گاڑی اور سڑک میں ''ڑ'' کی آواز کی مشق کر سکیں گے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ڑ' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۳۱ — پڑھیے پنسل پھیریے ''ز''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳۱
- فلیش کارڈز
- حروف ''ز'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- حروف ''ز'' سے شروع ہونے والی اشیا

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''ز'' لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انہیں بتایئے کہ یہ حرف زے ہے اور اس کی آواز ''ز'' ہے۔حرف کی درست آواز سکھایئے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ ''ز'' سے شروع ہونے والی کچھ اشیا کی تصاویر جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے زیور، زیبرا، زرافہ وغیرہ۔ اب بچوں کو یہ تصاویر دکھایئے اور بتایئے کہ زے سے زیبرا کیونکہ ''زے'' کی آواز ہے ''۔۔۔۔'' (زے کی درست آواز نکال کر بتایئے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلایئے کہ لفظ زیبرا بولتے وقت سب سے پہلے ''ز'' کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتایئے جو ''ز'' سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ مزید الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ز'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے

نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | زیور | زیبرا | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- | زیور  | زیبرا  | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو۔ دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ز'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۳۲ — پڑھیے پنسل پھیریے ''ژ''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳۲
- فلیش کارڈز
- حروف ''ژ'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- حروف ''ژ'' سے شروع ہونے والی اشیا

### آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''ژ'' لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انہیں بتائیے کہ یہ حرف دال ہے اور اس کی آواز ''ژ'' ہے۔حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ بچّوں کو یہ بھی بتائیے کہ ''ژ'' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کی آواز الفاظ کے بیچ یا آخر میں آتی ہے۔ جیسے ٹیلی ویژن، ژالہ باری اور اژدھا وغیرہ۔ ''ژ'' کے الفاظ کی اشیا کی تصاویر جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے ٹیلی ویژن، ژالہ باری اور اژدھا وغیرہ۔ اب بچوں کو یہ تصاویر دکھائیے اور بتائیے کہ ان میں ''ژ'' کی آواز کہاں کہاں آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ژ'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔ تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ٹیلی ویژن | | ژالہ باری | دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- | ٹیلی ویژن  | | ژالہ باری  | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو۔ دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ژ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۳۳ | جانچ ''د ڈ ذ ر ڑ ز ژ'' |

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳۳

## آمادگی

''د'' سے لے کر ''ژ'' تک کے حروف تہجّی کو تختۂ تحریر پر لکھیے۔ ان سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر لگایئے/بنایئے۔ ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر بنایئے/لگایئے۔ ایک سرگرمی کے طور پر کروایئے تاکہ بچّے بھرپور انداز میں شرکت کر کے اعادہ کرسکیں۔

## سبق کی تدریس

یہ سرگرمی ''د'' اور ''ر'' کے خاندان کے اعادے کے لیے ہے۔ تمام حُروف کا اعادہ کروایئے۔ ان کی آواز والے مزید الفاظ بچّوں سے پُوچھیے۔ ان سے شروع ہونے والی چیزیں جماعت میں سے تلاش کروایئے پہلے سے کچھ اشیا لا کر جماعت میں رکھیے۔ نقطوں میں پنسل پھروا کر حُروف لکھوایئے۔

# صفحہ ۳۴   اُف رے سردی! (نظم)

## مقاصد

- ترنّم، سُرتال اور خوش آہنگی سے سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لُطف اندوزی کے ساتھ سُن کر دہرا سکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی کہانیوں اور نظموں سے متعلق بنیادی سوال و جواب کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳۴
- سردی کے موسم سے متعلق تصاویر
- سردی کے موسم میں پہننے والے کپڑے
- تختۂ تحریر

## آمادگی

جماعت میں پہلے سے سردی میں پہننے والے کچھ کپڑے لاکر رکھیں۔ تختۂ تحریر پر سردی میں استعمال ہونے والی چیزیں۔ کھانے اور برفیلی جگہوں کی تصاویر لگائیے اور بچّوں سے پوچھیے کہ یہ سب کپڑے ہم کب پہنتے ہیں اور کیوں پہنتے ہیں؟ سردی کے موسم کے بارے میں ان سے بات چیت کیجیے۔ کوشش کیجیے کہ بچّوں سے زیادہ سوالات کریں تاکہ وہ زیادہ بولیں۔

## سبق کی تدریس

صفحہ ۳۴ کھلوائیے اور صفحہ پر بنی تصویر دیکھنے کو کہیے۔ ان سے پوچھیے کہ یہ تصویر دیکھ کر انھیں کیا لگتا ہے کہ یہ نظم کس چیز کے بارے میں ہے؟ کوشش کریں کہ سب بچّے جواب دیں۔ سردی سے متعلق یہ دل چسپ نظم بھرپور تاثرات اور اتار چڑھاؤ کے ساتھ سنائیے پہلے خود سنائیے۔ اس کے بعد بچّوں کو بھی اپنے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیے۔ خیال رہے کہ بچّے بھی اسی دل چسپ طریقے کو اپنائیں اور ذوق شوق کے ساتھ دل چسپ انداز میں تقلیدی بلند خوانی کریں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کچھ بچّے آپ کے ساتھ مل کر نظم کی بلند خوانی کریں اور کچھ بچّے نظم کے الفاظ کے مطابق ٹیبلو کریں۔ باری باری سب بچّوں کو موقع دیجیے۔

## گھر کا کام

- سردی کے موسم میں پہننے والا اپنا کوئی بھی سوئیٹر یا ٹوپی لاکر جماعت میں دکھائیے۔

# صفحہ ۳۵ پڑھیے اور پنسل پھیریے ''س''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳۵
- ''س'' کا کٹ آؤٹ

## تعارف

اب باری ہے ''س'' اور ''ش'' کی۔کیونکہ اس خاندان کے دونوں حروف ایک ہی جیسی شکل رکھتے ہیں سوائے نقطوں کی تعداد کے اس لیے ان کو ایک ہی طریقے سے پڑھایا جاسکتا ہے۔ ہر صفحہ الگ دن پڑھایا جائے اور مکمل آمادگی اور سرگرمیوں کے ساتھ مکمل کروایا جائے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''س'' لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے ، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انھیں بتایئے کہ یہ حرف سین ہے اور اس کی آواز ''س'' ہے۔حرف کی درست آواز سکھایئے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ ''س'' سے شروع ہونے والی کچھ اشیا جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے سیب، سیٹی، سیڑھی، سائیکل وغیرہ۔ اب بچّوں کو یہ اشیا دکھایئے اور بتایئے کہ ''سین سے سیب'' کیونکہ ''س'' کی آواز ہے ''۔۔۔'' (سین کی درست آواز نکال کر بتایئے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلایئے کہ لفظ سیب بولتے وقت سب سے پہلے ''س'' کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتایئے جو ''س'' سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''س'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | سیب | | سیٹی | دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- تختۂ تحریر پر سیب بنائیے یا سیب کی تصویر لگائیے۔ بچّوں سے کہیے اسے دیکھ کر کاپی میں سیب کی تصویر بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔

## گھر کا کام

- بچّوں سے کہیے کہ امّی سے پوچھ کر آئیں انھوں نے کون سا سالن پکایا ہے۔ جماعت میں آکر بتائیں۔

## صفحہ ۳۶ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ش''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳۶
- ''ش'' کا کٹ آؤٹ

### آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''ش'' لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے ، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انھیں بتائیے کہ یہ حرف شین ہے اور اس کی آواز ''ش'' ہے۔حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ ''ش'' سے شروع ہونے والی کچھ اشیا جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے شلجم، شاخ، شیشہ، شیر(کھلونا) وغیرہ۔ اب بچّوں کو یہ اشیا دکھائیے اور بتائیے کہ ''شین سے شیر'' کیونکہ ''ش'' کی آواز ہے ''۔۔۔۔'' (شین کی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ شیر بولتے وقت سب سے پہلے ''ش'' کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو ''ش'' سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ش'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | شلجم | | شیر | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروایئے۔ حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ”ش“ کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- شلجم  شیر  کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ش“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۳۷ — پنسل پھیریے اور رنگ بھریے


## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتاسکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”پری نرسری“ صفحہ نمبر ۳۷
- تختۂ تحریر

## آمادگی

”ص، ض، ط، ظ“ لکھنے کی مشق کے لیے یہ نمونہ لکھائی دی گئی ہے۔ ”ا“ سے ”ش“ تک اعادہ زبانی طور پر کروایئے۔ بچّوں سے کہیے کہ اب وہ ایک نیا حرف سیکھیں گے، اسے پڑھیں گے، لکھیں گے لیکن اس سے پہلے کچھ تیاری کریں گے۔ تختۂ تحریر پر کچھ غبارے بنایئے  اس طرح سے بچّوں کو باری باری بلا کر ان سے بھی اسی طرح کی غبارے کی تصویر بنوایئے۔ ممکن ہے بچّے بہت اچّھا نہ بنا سکیں لیکن وہ کوشش ضرور کریں گے۔ ان کی کوشش کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔  اس طرح کا نمونہ بھی بنایئے اور بچّوں سے بھی بنوایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۳۷ کھلوایئے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے اور پوچھیے کہ یہاں کیا کرنا ہے۔ یقیناً بچّے درست بتائیں گے۔ پھر کام اچّھی طرح سمجھایئے۔ نقطوں پر پنسل پھروا کر مثال کی طرح رنگ بھروایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- کاغذ پر غبارے بنوائیے اور بچّوں سے ان کی پسند کے رنگ بھروائیے۔

### گھر کا کام

- کاپی میں غبارہ بنائیے اور رنگ بھریے۔

## صفحہ ۳۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ص''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳۸
- ''ص'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''ص'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

### تعارف

آج سے ''ص'' اور ''ض'' پڑھایا جائے گا۔ س اور ش کی طرح یہ بھی حروف کی جوڑی ہے جو دکھنے اور لکھنے میں ایک جیسی ہے صرف ایک نقطے کا فرق ہے۔

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ص'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ص'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ص'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ص'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

بچّوں سے پُوچھیے کہ کیا وہ بیٹھنے کے لیے صوفہ استعمال کرتے ہیں؟ یا ایک چھوٹا صندوق لا کر دکھائیے۔ صندوق دکھا کر 'ص' کی آواز سکھائیے۔ صوفے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ پُوچھیے صندوق کس کو کہتے ہیں؟ کیا اُن کے پاس کوئی صندوق ہے؟ 'ص' کی آواز والے دیگر الفاظ بھی بتائیے، جیسے: صفحہ، صبح اور تصویر۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ص'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | صوفہ | | صندوق | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ''ص'' کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ص'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۳۹ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ض''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۳۹
- ''ض'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''ض'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ض'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ض'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ض'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ

کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ "ض" کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

"ص" کی طرح "ض" بھی پہلے تختۂ تحریر پر لکھیے اور ساتھ ساتھ کہیے کہ غبارہ بنا کر بند کیا ، "ص" کا پیٹ بنایا اور اوپر ایک نقطہ لگایا۔ طلبہ کو یاد کروائیے کہ "ص" خالی اور "ض" کے اوپر ایک نقطہ۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ "ض" کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں پوچھیے۔تصویر کے نام کا فلیش کارڈ | ضعیف | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت میں جمود توڑنے کے لیے ایک طالب علم کے چہرے پر نقلی ڈاڑھی لگائیے اور ہاتھ میں لاٹھی یا ڈنڈا دے کر ضعیف شخص کا بہروپ دیجیے۔ پھر طلبہ کو بتائیے کہ یہ ضعیف ہے۔ اسی طرح پانی اور دیگر چیزیں ضائع کرنے سے متعلق گفت گو کیجیے۔ کیا طلبہ گلاس میں ضرورت سے زیادہ پانی نکالتے ہیں اور پھر بچا ہوا پانی پھینک دیتے ہیں؟ اس عمل کی حوصلہ شکنی کیجیے۔

## گھر کا کام

- آپ کے گھر یا محلّے میں اگر کوئی "ضعیف" ہیں تو ان سے جاکر ملیے سلام کیجیے اور ان کی خیریت پوچھیے۔ دوسرے دن جماعت میں آکر پہلے ان کے بارے میں بتائیے۔

## صفحہ ۴۰ — سبزیاں

### مقاصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ۱۰۰ الفاظ)

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ۴۰
- مختلف موسمی سبزیاں/ سبزیوں کی تصاویر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے کہ کیا وہ جانتے ہیں کہ سبزیاں کیا ہوتی ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہ بتا سکیں۔ اب ان کے سامنے کچھ ایسی سبزیاں رکھیں جو عام استعمال ہوتی ہیں۔ جیسے آلو، پیاز، ٹماٹر وغیرہ اور دیکھیے کیا وہ ان سبزیوں کو پہچانتے ہیں؟ قوی امّید ہے کہ زیادہ تر ان کو پہچان لیں گے۔ اسی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے ان سے چند اور سبزیوں کے نام پوچھیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ سبزی کھاتے ہیں؟ ان کی پسندیدہ سبزی کا نام بھی پوچھیے۔ سبزیاں کھانے کے فوائد بتایئے تاکہ وہ سمجھ سکیں کہ سبزیاں صحت بخش غذا ہیں۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۴۰ کھلوایئے۔ بچّوں کو دیکھنے کے لیے کہیے۔ اس کے بعد ان سے پوچھیے کہ اس صفحے پر کون کون سی سبزیاں ہیں۔ ہر بچّے سے اس کا جواب لیں۔ اگر بچّے کہیں اٹک جائیں تو ان کی مدد کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کتاب میں دی گئی سبزیوں کی تصاویر کے نام کے فلیش کارڈ بنایئے۔ جس پر تصویر بھی ساتھ بنی ہوئی ہو۔ آلو  گاجر  گوبھی  پیاز  مٹر  ٹماٹر  بچّوں کو گروہوں میں بانٹ کر ہر گروپ میں یہ فلیش کارڈز دیجیے اور ان کو کتاب میں بنی سبزی کی تصویروں سے میچ کرنے کے لیے کہیے۔ ساتھ ساتھ سبزی کا نام بلند آواز سے کہیں۔ اس طرح وہ دیکھ کر لفظ پڑھنا سیکھ جائیں گے۔

## گھر کا کام

- امّی سے پوچھ کر گھر میں رکھی کوئی بھی ایک سبزی لے کر آیئے اور جماعت میں دکھایئے۔

## صفحہ ۴۱ | دُرست تصویر سے حَرف ملایئے (جانچ)

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ۴۱
- تصاویر اور حروف کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

اس صفحے پر "س" سے "ض" تک کا اعادہ کیا جائے گا۔ تختۂ تحریر پر س ش ص ض بڑا بڑا لکھیے ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر بھی بنائیے یا لگائیے۔ بچّوں سے حروف کی آوازیں پوچھیے اور یہ بھی پوچھیے کون سی تصویر کس حروف کے سامنے لگے گی۔ ایک سرگرمی کی طرح یہ پوری مشق کروائیے۔ کوشش کیجیے کہ جماعت کا ہر بچّہ اس میں حصّہ لے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ نمبر ۴۱ کھلوائیے۔ بچّوں سے پوچھیے انھیں کیا لگتا ہے کہ یہاں کیا کام کرنا ہے؟ امّید ہے وہ جھٹ سے بتا دیں گے۔ پھر بھی کام کو اچّھی طرح سے سمجھانے کے بعد انھیں خود سے کرنے دیجیے۔ امّید ہے وہ یہ کام بغیر کسی مدد کے کرلیں گے۔ پہلے زبانی طور پر حل کروالیں پھر ان سے کتاب میں کروائیں۔ اچھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## صفحہ ۴۲ | پڑھیے اور پنسل پھیریے "ط"

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ۴۲
- حرف "ط" کا کٹ آوٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- تصاویر

### تعارف

آج سے "ط" اور "ظ" پڑھایا جائے گا۔ س اور ش کی طرح یہ بھی حروف کی جوڑی ہے جو دکھنے اور لکھنے میں ایک جیسی ہے صرف ایک نقطے کا فرق ہے۔

### آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا "ط" لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے ، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انھیں بتائیے کہ یہ حرف "ط" ہے اور اس کی آواز "ط" ہے۔ حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ "ط" سے شروع ہونے والی

کچھ اشیا جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے طیارہ ( کھلونا)، طوطا ( کھلونا)، طباق وغیرہ۔ اب بچّوں کو یہ اشیا دکھائیے اور بتائیے کہ ''ط سے طوطا'' کیونکہ ''ط'' کی آواز ہے ''۔۔۔۔'' (ط کی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ طوطا بولتے وقت سب سے پہلے ''ط'' کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو ''ط'' سے شروع ہوتے ہوں۔ کچھ الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ط'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں پوچھیے۔تصویر کے نام کا فلیش کارڈ | طیارہ | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔حرف اور تصاویر کی مدد سے شروع کی آواز ''ط'' کو پہچاننے کے لیے مشق کروائیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ط'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۴۳ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ظ''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُرڈو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۴۳
- حرف ''ظ'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- تصاویر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر کارڈ شیٹ سے پہلے سے بنایا ہوا ''ظ'' لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے ، یہ کیا ہے؟ ممکن ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ آپ انھیں بتائیے کہ یہ حرف ''ظ'' ہے اور اس کی آواز ''ظ'' ہے۔حرف کی درست آواز سکھائیے۔ کئی دفعہ دہرانے کے بعد اب بچّوں سے پھر پوچھیے، یہ کیا ہے؟ اب بچے یقینی طور پر درست جواب دیں گے۔ اسی طرح اس کی آواز بھی پوچھیے۔کوشش کیجیے کہ ہر بچّہ جواب دے سکے۔ ''ظ'' سے شروع ہونے والی کچھ اشیا جماعت میں پہلے سے لاکر رکھیے، جیسے ظروف۔ اب بچّوں کو یہ اشیا دکھائیے اور بتائیے کہ ''ظ سے ظروف'' کیونکہ ''ظ'' کی آواز ہے ''۔۔۔'' (ظکی درست آواز نکال کر بتائیے) بچّوں کی توجہ اس طرف دلائیے کہ لفظ ظروف بولتے وقت سب سے پہلے ''ظ'' کی آواز آتی ہے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔ کچھ اور الفاظ بھی بتائیے جو ''ظ'' سے شروع ہوتے ہوں۔ جیسے: ظریف، ظفر، ظہر وغیرہ۔ کچھ الفاظ بچّوں سے بھی پوچھیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سےصفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ظ'' کے خاکے میں اورنقطوں پر پنسل پھِروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں پوچھیے۔تصویر کے نام کا فلیش کارڈ | ظروف | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔حرف اور تصاویر کی مدد سے شروع کی آواز ''ظ'' کو پہچاننے کے لیےمشق کروائیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ظ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۴۴ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ع''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۴۴
- ''ع'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز

- تصاویر
- تختۂ تحریر

## تعارف

آج سے ”ع“ اور ”غ“ پڑھایا جائے گا۔ ”ط“ اور ”ظ“ کی طرح یہ بھی حروف کی جوڑی ہے جو دکھنے اور لکھنے میں ایک جیسی ہے صرف ایک نقطے کا فرق ہے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ”ع“ لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ”ع“ کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ”ع“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ”ع“ کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”ع“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | عینک | | عمارت | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ”ع“ سے عینک کی دہرائی کے لیے بچّوں سے کہیں کہ دیکھیں جماعت میں کون کون عینک لگاتا ہے؟

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ع“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ”غ“

## صفحہ ۴۵

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”پری نرسری“ صفحہ نمبر ۴۵
- ”غ“ کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تصاویر
- تختۂ تحریر

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ”غ“ لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ”غ“ کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ”غ“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ”غ“ کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”غ“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | غلیل | | غبارے | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- ”غ“ سے غبارے بچّوں سے کاپی میں غبارے بنوا کر ان میں رنگ بھروائیے۔

### گھر کا کام

- کاپی میں ”غ“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۴۶ نقطے لگائیے (جانچ)

### مقصد

- زبانی نظموں، علامتوں، سوالوں، اشاروں اور کہانیوں کو توجّہ سے سن کر انفرادی طور پر اور جوڑیوں (Pairs) میں مناسب زبانی و عملی جواب دے سکیں۔
- سادہ اور موزوں الفاظ میں تصاویر، واقعات، اشیا اور افراد کے بارے میں بات چیت کرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۴۶

## آمادگی

پڑھائی کی طرف متوجہ کرنے سے پہلے طلبہ سے اس تصویر کے بارے میں بات کیجیے کہ یہ کس موقع کا منظر ہے، انھیں تصویر میں کیا کیا نظر آ رہا ہے، وغیرہ۔ سال گرہ کے بارے میں سوال جواب کیجیے۔ اس کے بعد حُروفِ تہجّی کی طرف آ ئیے۔

زبانی سوالات

- تصویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے؟
- تصویر میں کتنے بچّے ہیں؟
- یہ سالگرہ کی تقریب کی تصویر ہے۔ اس کے متعلق سوال پوچھیے۔ کون سی چیزیں نظر آرہی ہیں جن سے معلوم ہو رہا ہے یہ سالگرہ کی تصویر ہے۔
- میز پر کیا کیا رکھا ہے؟
- اس تصویر میں کتنے غبارے ہیں؟
- ہر غبارے کا رنگ بتائیے۔ جو رنگ نہ بتاسکیں اساتذہ مدد کریں رنگوں کے نام زبانی یاد کروائیے۔
- اس تصویر میں کتنے حرف ہیں؟

## سبق کی تدریس

بچّوں سے یہ کام پہلے زبانی طور پر حل کروالیں پھر ان سے کتاب میں کام کروائیے۔ بچّوں کو فلیش کارڈز دیجیے پھر ان سے کہیے کہ ان میں سے ڈھونڈ کر ایسے کارڈز نکالیں جو کتاب کے صفحے پر بنے حروف سے میچ ہورہے ہوں۔ اگر کسی حروف میں کچھ کمی ہے تو بتائیں۔ بچّے یقنی طور پر بتائیں گے کہ نقطے نہیں لگے ہوئے ہیں۔ بچّوں سے نقطے لگوائیے۔ بچّے انفرادی طور پر یہ کام کرسکتے ہیں۔ بچّوں کو خود سے یہ کام کرنے دیجیے لیکن نگرانی کرتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ حوصلہ افزائی کیجیے۔

# پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ف''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتاسکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۴۷
- حرف ''ف'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز

## تعارف

آج سے ''ف'' اور ''ق'' پڑھایا جائے گا۔ ''ع'' اور ''غ'' کی طرح یہ بھی حروف کی جوڑی ہے جو دکھنے اور لکھنے میں ایک جیسی ہے صرف نقطوں کا فرق ہے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ف'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ف'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ف'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ف'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ف'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | فوارہ | | فانوس | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔ حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ''ف'' کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- | فانوس  | فوارہ  | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ف'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

# صفحہ ۴۸ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ق''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔ مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۴۸
- حرف ''ق'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ق'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ق'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ق'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ق'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ق'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔ تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | قلم | قینچی | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔ حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ''ق'' کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- | قلم  | قینچی  | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ق'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۴۹ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ک''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں۔ مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۴۹
- حرف ''ک'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز

## تعارف

آج سے ''ک'' اور ''گ'' پڑھایا جائے گا۔ ''ک'' اور ''گ'' کی طرح یہ بھی حروف کی جوڑی ہے جو دکھنے اور لکھنے میں ایک جیسی ہے صرف ایک ڈنڈی کا فرق ہے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ک'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ک'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ک'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ک'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ’’ک‘‘ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھِروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | کبوتر | | کرسی | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ’’ک‘‘ کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- | کبوتر  | | کرسی  | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- گھر میں ’’ک‘‘ سے شروع ہونے والی چیزیں ڈھونڈیے۔ دوسرے دن جماعت میں کسی دو چیزوں کے نام بتائیے۔
- کاپی میں ’’ک‘‘ لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۵۰ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’گ‘‘ |

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ’’بطخ‘‘ میں آواز /ب/ اور ’’جہاز‘‘ میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ’’پری نرسری‘‘ صفحہ نمبر ۵۰
- حرف ’’گ‘‘ کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ’’گ‘‘ لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ’’گ‘‘ کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ’’گ‘‘ سے شروع ہونے والی چیزوں

کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتایئے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''گ'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۵۰ کھلوایئے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے اور پوچھیے کہ یہاں کیا کرنا ہے۔ یقیناً بچّے درست بتائیں گے۔ پھر کام اچّھی طرح سمجھایئے۔ نقطوں پر پنسل پھروا کر مثال کی طرح رنگ بھروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروایئے۔ حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے ''گ'' کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- گوبھی  گائے  کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''گ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۵۱ — اچّھے بچّے (نظم)

## مقاصد

- نظمیں، گیت اور کہانیاں توجہ سے سنتے ہوئے لطف اندوز ہوسکیں۔ (سر ہلانا، جھومنا، حرکات و سکنات چہرے کے تاثرات وغیرہ)
- بلند آواز سے سنائی گئی کہانیوں اور نظموں سے متعلق بنیادی سوال و جواب کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۵۱

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے ان کے امّی ابّو ان کی کس بات سے سب سے زیادہ خوش ہوتے ہیں؟ سب بچّوں سے جواب لیجیے۔ بچّوں سے اچّھے کاموں کے حوالے سے اور کہنا ماننے کے حوالے سے بات کیجیے کچھ سوالات پوچھیے جیسے:

- صاف ستھرے رہنے کے لیے وہ کیا کہتے ہیں؟ (امّی ابّو)
- رات کو جلدی سونے کے لیے کیا کہتے ہیں؟
- صبح جلدی اٹھنے کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

سب سے ان کے جوابات سنیے۔ انھیں بتایئے کہ ماں باپ کا کہنا ماننا بہت ضروری ہے وہ ہمارے فائدے کی بات ہوتی ہے اور ماں باپ بھی ہم سے خوش رہتے ہیں اور ہمیں سب لوگ اچّھا بچّہ کہتے ہیں۔

## سبق کی تدریس

نظم کی بلند خوانی کیجیے تا کہ بچّے سنیں اور ادائیگی کا انداز سیکھ لیں۔ پوری نظم کو اجتماعی بلند خوانی کے ذریعے بھی پڑھائیے۔ بچّوں کے ساتھ بھی پڑھیے۔ دل چسپ انداز اختیار کیجیے۔ آواز کے اتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کی حرکات سے اثر انگیزی پیدا کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- نظم کی مناسبت سے فلیش کارڈز بنائیے۔ ہر فلیش کارڈ پر نظم کا ایک لفظ لکھیے۔ اپنی میز پر فلیش کارڈز کا ڈھیر رکھیے اور نظم کے چند الفاظ باری باری بچّوں کو میز کے قریب بلا کر پوچھا گیا لفظ ڈھونڈ کر نکالنے کو کہیے۔ کتاب میں دی ہوئی تصاویر کے متعلق سوالات کیجیے۔

## گھر کا کام

- امّی ابّو کی مدد سے نظم پڑھیں۔

## صفحہ ۵۲ — رنگ بھریے

## مقصد

- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھر سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۵۲
- لال، ہرے، نیلے اور پیلے رنگوں کی اشیا
- فلیش کارڈز

## آمادگی

پہلے سے مختلف رنگوں کی اشیاء جماعت میں لا کر رکھیے۔ ایسی اشیاء جن سے بچّے رنگ پہچانیں۔ ابتدائی رنگوں کی چیزیں ہوں جیسے ہرا (پتّا، بستہ، پنسل وغیرہ)۔ لال (پھول، کوئی کپڑا، کھلونا)۔ پیلا (کوئی پھل، کوئی کھلونا، بستہ، پنسل وغیرہ)۔ نیلا (کوئی کپڑا، کھلونا یا رنگ)۔ بچّوں کو ان سب چیزوں کے رنگ بتائیے۔ پھر ان سے پوچھیے۔ امّید ہے زیادہ تر بچّے دُرست جواب دیں گے۔ اگر نہ دے سکیں تو کوئی بات نہیں آپ انھیں بتائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ کتاب کے صفحے پر کیا بنا ہوا ہے۔ بچّے نام لے کر بتائیں گے۔ بچّوں کو رنگوں کے فلیش کارڈ دے کر ان کی پہچان کروائیے۔ | لال | پیلا | نیلا | ہرا | فلیش کارڈ کے ایک طرف رنگ ہو اور دوسری طرف رنگ کا نام لکھا ہوا ہو تا کہ بچّے رنگ کے نام دیکھ کر پڑھنا سیکھ سکیں۔ اب بچّوں کو ہدایت دیجیے کہ سیب میں لال، غباروں میں پیلا، پتے میں ہرا اور کشتی میں نیلا رنگ بھریں۔ رنگین پنسلیں نکلوائیں۔ دھیان رکھیں کہ بچّے درست رنگ کی پنسلیں نکالیں۔ اب ہدایت کے مطابق رنگ بھروائیں۔ دوران کام جائزہ لیتے رہیے کہ بچّے درست رنگ بھریں۔ بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## گھر کا کام

- چاروں رنگوں میں سے (ہرا، نیلا، پیلا، لال) کسی ایک رنگ کی کوئی چیز لے کر آئیں۔

## صفحہ ۵۳ پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ل''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۵۳
- ''ل'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ل'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ل'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ل'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ل'' کی آواز اور شکل کو اچھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ل'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔ تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | لوکی | | لٹو | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سر گرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سر گرمی کروائیے۔ حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے "ل" کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- لٹو  لوکی  کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں "ل" لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۵۴ پڑھیے اور پنسل پھیریے "م"

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ۵۴
- "م" کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا "م" لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ "م" کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے "م" سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ "م" کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ "م" کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی

تصویروں کے نام پوچھیے۔ تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | مچھلی | | مرغی | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- | مرغی  | | مینڈک  | کے فلیش کارڈز الٹا کرکے رکھیں۔ کسی بھی بچّے کو بلا کر ایک کارڈ اٹھانے کے لیے کہیے۔ بچّہ کارڈ اٹھا کر دیکھے گا جس تصویر کا کارڈ نکلے اس سے وہی آواز نکالنے کو کہیے ساتھ میں یہ بھی دہرایئے کہ ''م'' سے ''مرغی'' یا ''م'' سے ''مینڈک''۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''م'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۵۵ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ن''

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کرکے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ۵۵
- ''ن'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ن'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ن'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ن'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لاکر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ن'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ن'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں

اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔ تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ناشپاتی | | ناک | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔ حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے "ن" کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- | ناشپاتی  | | ناک  | کے فلیش کارڈز جن پر تصویر بھی بنی ہوئی ہو، دوسرے فلیش کارڈز میں شامل کر کے بچّوں کو دیجیے اور ان میں سے ان الفاظ کے کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- گھر میں ڈھونڈیے "ن" سے کیا چیزیں ہیں چاہے "ن" سے شروع ہوں یا ان کے نام میں "ن" آتا ہو۔ جماعت میں آکر دو چیزوں کے نام بتائیے۔

## صفحہ ۵۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے "و"

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ۵۶
- "و" کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا "و" لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ "و" کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے "و" سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ "و" کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”و“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ورق | | ورزش | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بازو گھما کر ہَوا میں ”و“ لکھوائیے۔ بازو گھماتے وقت آواز بھی نکالیں۔ واؤ اور آواز کو کھینچیں واؤووو۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”و“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۵۷ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ہ“

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردو سے دوستی ”پری نرسری“ صفحہ نمبر ۵۷
- ”ہ“ کا کٹ آوٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ”ہ“ لکھیے یا کٹ آوٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ”ہ“ کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ”ہ“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ”ہ“ کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ "ہ" کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ہرن | | ہاتھی | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھّی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں سے کہیے کہ جب ہنسی آتی ہے تو وہ کیسے ہنستے ہیں؟ بچّے یقیناً ہنس کر دکھائیں گے اب سب بچّوں سے کہیے کہ ایک دفعہ زور سے قہقہہ لگائیں۔ ایک دو بار یہ مشق کروائیں جب سب کرچکیں تو پوچھیں ہاہاہاہا کرنے میں کون سے حرف کی آواز آئی؟

## گھر کا کام

- کاپی میں "ہ" لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۵۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے "ء ی ے"

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ج
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتاسکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ۵۸
- "ء، ی، ے" کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا "ء ی ے" لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ "ء ی ے" کی آوازیں بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ایسی چیزوں کی تصاویر یا چیزیں لاکر رکھیں جن کے ناموں میں یہ حروف استعمال ہوتے ہوں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے

سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ اس لفظ میں کون سی آواز ہے۔ اس طرح وہ "ء ی ے" کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ "ء، ی، ے" کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔ حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز میں سے | ء | ی | ے | کا فلیش کارڈ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں "ء ی ے" لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۵۹

## گنتی ۱۔۵

### مقاصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔
- حرف کی آواز سن کر اس کی شکل شناخت کرسکیں۔ اس حرف کا نام بتاسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردو سے دوستی "پری نرسری" صفحہ نمبر ۵۹
- فلیش کارڈز : (گنتی/الفاظ)
- گنتی کے لیے اشیا

### آمادگی


تختۂ تحریر پر کتاب کے صفحہ ۵۹ کے نمونے کی طرح مختلف اشکال بنائیے (۱ سے لے کر ۵ تک) بچّوں سے گنوائیے۔ گننے کے بعد ان کے ساتھ عددی گنتی لکھیے جیسے ۱، ۲، ۳، ۴ اور ۵ اور انھیں بتائیے ایک ۱ ایسا ہوتا ہے ۔۲ ایسا ہوتا، ۳ ایسا، ۴ ایسا اور ۵ ایسا ہوتا ہے۔اچّھی طرح پہچان کروائیے۔ فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔

## سبق کی تدریس

بچّوں کو گنتی پڑھوایئے۔ ہندسوں کی پہچان کروایئے۔ انھیں بتایئے کہ اُردو میں گنتی کے ہندسے اس طرح نظر آتے ہیں۔ چیزوں کو گن کر تعداد بتانے کے لیے کہیے۔ عدد پڑھیں اور پھر چیزیں گنیں۔ اس کام کی مشق جماعت میں بار بار کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو گنتی کے فلیش کارڈ دیں جن پر اشیا بھی بنی ہوں۔ بچّوں سے کہیں کتاب میں دیے گئے ہندسوں کے میچنگ کے فلیش کارڈز نکالیں۔




## گھر کا کام

- گھر پر ١ سے ۵ تک گنتی دہرائیں۔ چیزوں کی گنتی کریں۔

## صفحہ ٦٠ | ایک دو تین (نظم)

## مقاصد

- زبانی نظموں، علامتوں، سوالوں، اشاروں اور کہانیوں کو توجّہ سے سن کر انفرادی طور پر اور جوڑیوں (Pairs) میں مناسب زبانی و عملی جواب دے سکیں۔
- ترنّم، سُرتال اور خوش آہنگی سے سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لُطف اندوزی کے ساتھ سُن کر دہرا سکیں۔
- سادہ اور موزوں الفاظ میں تصاویر، واقعات، اشیا اور افراد کے بارے میں بات چیت کر سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ٦٠
- گنتی (الفاظ/عدد) فلیش کارڈز
- گنتی کے لیے اشیا
- ١۔ ٢۔ ٣ کے کٹ آؤٹس
- گنتی کے عدد/ الفاظ (ایک، دو، تین) کے فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر گنتی کے کٹ آؤٹس لگایئے۔ بچّے گنتی پڑھ چکے ہیں اس لیے امّید ہے کہ وہ ان کو پہچان سکیں گے۔ اعادہ کروایئے۔ جماعت میں سے کچھ چیزوں کی گنتی کرواکے اور ہاتھوں کی انگلیاں گنوا کر یہ کام ہوسکتا ہے۔

## سبق کی تدریس

نظم کی بلند خوانی کیجیے۔ دل چسپ انداز اور ادائی کے ذریعے بچّوں کی توجّہ اس جانب رکھیے۔ بچّے اس انداز کو بہت پسند کریں گے اسی طریقے سے بچّوں سے بھی پڑھوایئے۔ انفرادی طور پر بھی اور گروہی طور پر بھی۔ بچّوں کے ساتھ مل کر اعداد کی نظم ترنّم کے ساتھ پڑھیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو عددی گنتی | ۱ | ۲ | ۳ | اورلفظی گنتی | ایک | دو | تین | کے فلیش کارڈز دیں۔ بچّوں سے کہیں کتاب میں دیے گئے ہندسوں اور الفاظ کے میچنگ کے فلیش کارڈز نکالیں۔

## گھر کا کام

- گھر کی چیزوں کی گنتی کیجیے۔ ایک دو، تین۔

## صفحہ ٦١

## حُروفِ تہجّی

## مقصد

- حرف کی آواز سن کر اس کی شکل شناخت کرسکیں۔ اس حرف کا نام بتاسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''پری نرسری'' صفحہ نمبر ٦١
- تختۂ تحریر، فلیش کارڈز

## آمادگی

بچّوں کو حروفِ تہجّی کا گانا سنایئے۔ زبانی طور پر حروف تہجّی کو اس طرح بچّوں کے ساتھ پڑھیں۔ کچھ مشقی سوالات کریں جیسے ''ب'' کے بعد کیا آتا ہے ''چ'' سے پہلے کیا آتا ہے۔حروفِ تہجّی کس حرف سے شروع ہوتی ہے۔ وہ حروف بتائیں جن کی شکل ایک جیسی ہوتی ہے لیکن نقطے الگ الگ ہوتے ہیں؟ اس طرح کے سوالات کیجیے تا کہ حروفِ تہجّی کا اعادہ ہوسکے۔

## سبق کی تدریس

تختۂ تحریر پر مکمل حروفِ تہجّی لکھیے۔صفحہ ٦١ کھلوایئے اور بچّوں کو حروفِ تہجّی پڑھنے کے لیے کہیے۔ آپ جائزہ لیتے رہیے بچّوں سے کہیے پڑھتے وقت ہرحرف پر انگلی رکھیں پھر پڑھیں۔ اس طرح ان کی مشق ہوجائے گی اور آپ کو بھی پتہ چل جائے گا کہ بچّوں کو کتنی حروفِ تہجّی آتی ہے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز اور کتاب میں دی گئی حروفِ تہجّی کو میچ کروائیں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں حروفِ تہجّی لکھ کر لائیں (کتاب سے دیکھ کر لکھیں)۔

# نوٹس

# نوٹس